جملہ حقوق بحق مکتبہ محفوظ ہیں

حسب فرمائش منشی منہاج الدین قریشی اکبر آبادی

اکسیر کتاب لاجواب مشتمل وظائف و تعویذات

تسخیر العملیات

مولفہ

سید رضی حسین رضی جونپوری !

خلف اکبر

عامل کامل منجم و جفار سید مصطفیٰ حسین جونپوری (مرحوم و مغفور)

شیرازی نوری ناشران تاجران کتب ڈپو نئی دہلی

خزانۂ بے بہا

حرز سلیمانی

عملیات کی اس کتاب کو کون نہیں جانتا ہر مشکل کا حل۔ اسرار و رموز کی حیران کن باتیں جو آپ کو حیران کر دیں گی۔ آپ کی ہر مشکل کا حل اس کتاب میں موجود ہے

قیمت ۵۰/۲ پیسے

تسخیر جنات

عملیات کے شائقین کیلئے بینظیر تحفہ۔ اس تحفہ نے تمام مشکلات کو حل کر دیا ہے۔ اس کتاب پر عمل کرنے سے جنات تو درکنار

قیمت صرف ایک روپیہ

کنز الحسین

قیمت ۵۰/۱ روپے

نقش سلیمانی

آج سے چالیس سال پہلے کی مقبول کتاب ... دوبارہ آپ کے ہاتھوں تک پہنچ رہی ہے

قیمت ایک روپیہ

الف لیلیٰ یا ہزار داستان

قیمت صرف ... روپے

داستان امیر حمزہ

مکمل کلاں اور باتصویر

گل بکاولی

قیمت ۵۰/۱ روپیہ

طوطا مینا

طوطا کہانی

باتصویر

قیمت صرف ایک روپیہ

فسانہ عجائب

یعنی قصہ

شہزادہ جان عالم چھپ کر تیار ہے

قیمت ۵۰/۲ پیسے

آرائش محفل

حاتم طائی باتصویر

قیمت دو روپے

انوار سہیلی

قیمت دو روپے

ملنے کا پتہ

شیراز لوری

ناشران و تاجران کتب

دہلی

جملہ حقوق بحق مکتبہ محفوظ ہیں

حسب فرمائش منشی و تاج الدین قریشی اکبرآبادی

الحمد للہ کہ کتاب لاجواب مشمولہ وظائف و تعویذات

موسوم بہ

تسخیر العملیات

بمع عملہائے اضافی

مؤلفہ

سید رضی حسین رضی ۔ جون پوری

خلف اکبر

عامل کامل منجم و جفار سید مصطفےٰ حسین جون پوری (مرحوم و مغفور)

ناشران تاجران کتب شیراز نوری ڈپو نئی دہلے

ہدیہ پانچ روپیہ

فہرست ہذا

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱	سرورق	۱
۲	فہرست ہذا	۲
۳	حرف اولیں	۳
۴	تمہید سدید	۴
	باب ۱	
۵	دربیان قواعد عامہ۔ خواص و قیام	۵
.	سیارگان۔ بخورات۔ دوستی و دشمنی	
.	کواکب۔ تذکرہ بروج۔ بروج و	
.	سیارگان خمسہ متحیرہ۔ اشکال	
.	و مزاج بروج۔ غذائی تشریح۔	
.	مہینے اور بروج۔ صدقہ کی اہمیت	
.	سنکرات۔ رجال الغیب۔ حروف	
.	تہجی و موکلان وغیرہ۔ رنگ اور	
.	حروف۔ جدول اسمائے حسنہ۔ تدارک	
.	نحوست سیارگان۔ قرآن اور اسکی	تا
.	تشریح۔	
	باب ۲	
۶	حصار و نقوش و اسمائے الٰہیہ	
۷	طریقہ حصار ۱ و ۲	
۸	نقوش اسمائے الٰہیہ	
۹	زکوٰۃ حروف تہجی	
۱۰	دعا ہائے جلیلہ برائے ہمہ کارہا و ہمہ	
.	امراض وغیرہ	
۱۱	دعا ہائے حضرات انبیاء علیہم السلام	
.	برائے جمیع کارہا۔	
۱۲	نقوش قرآنی برائے جمیع مشکلات و	
.	ہمہ ضروریات۔	
	باب ۳	
۱۳	نقوش و دعا ہائے مخصوصہ برائے	
.	حصول آسودگی۔ فراوانی رزق	
.	طلب اولاد۔ دفع دشمن، رفع کستگی	
.	تحفظ اسقاط۔ نجات زخم چشم۔	
.	ادائے قرض۔ دافع امراض و وبائی	
.	تحفظ چیچک، طاعون وغیرہ	
	باب ۴	
۱۴	اضافی دعا ہائے جلیلہ برائے ہمہ کارہا	

حرفِ اوّلین

زیرِ نظر کتاب عملیات و تعویذات جس کا دوسرا ایڈیشن طبع ہو کر مقبولِ خاص ہو رہا ہے۔ عملیات و تعویذات کا وہ بیش بہا خزانہ ہے جو سر دست اپنا ثانی نہیں رکھتی، اس کتاب کا از اوّل تا آخر مطالعہ کرنے کے بعد میں ان الفاظ کا اظہار کرنا غیر مناسب نہیں سمجھتا کہ قابل مؤلف نے اپنی قابلیت کے تحت دریا کو کوزے میں بند کر دیا ہے جو دیکھنے اور عمل کرنے سے تعلّق رکھتی ہے میرے نقطۂ نظر سے یہ کتاب اپنے طرز کی ایک نئی کتاب ہے اور حسبِ ذیل خصوصیات کی حامل ہے۔

مؤلف نے اپنی خاندانی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے علاوہ طلسمات مندرجہ ہذا کے کہ ان کا تعلّق کسی طرح سے کلامِ الٰہی یا اسمائے بزرگانِ دین سے نہیں ہے نقوش و دعاؤں کو نذرِ آتش کرنے سے پرہیز کیا ہے اور صاحبانِ غرض کو سختی سے منع بھی کیا ہے اس لئے کہ یہ فعل گناہ کبیرہ ہے، دوسرے مؤلف نے عملِ سفلی سے اس کتاب کو بالکل پاک صاف رکھا ہے۔ ثالثاً۔ وہ تمام ابتدائی امور اختصار کے ساتھ سپردِ قلم کئے ہیں جن کی ضرورت سب سے پہلے عامل کو پیش آتی ہے۔ رابعاً مؤلف نے سہل الاصول طریقوں سے شائقین کو بہتر سے بہتر الفاظ میں روشناس کرایا ہے۔ خامساً رجعت کی تشریح اور اس سے محفوظ رہنے کے طریقے کو بہت واضح الفاظ میں بیان کیا ہے، جو اس کتاب کی خاص خصوصیت ہے امید ہے کہ شائقین فائدہ حاصل کریں گے۔ والسّلام۔

نعیم الدّین قریشی

اکبرآبادی

تمہید سدید

قبل اس کے کہ مقصدِ متعلقہ کے تحت اس کتاب کا آغاز کیا جائے اختصاراً اس امر کا ذکر کرنا مناسب تصور کیا گیا کہ خواندگی عملیات و تحریر نقوش کے چند موٹے موٹے اور ضروری اصول سب سے پہلے تحریر کئے جائیں جنکی ضرورت ایک کہنہ مشق عامل اور ایک نو آموز شائق دونوکو ہمہ وقت پیش آتی رہتی ہے عامل کو تحریری طور پر ان اصولوں کو دیکھنے کی یوں ضرورت محسوس نہیں ہوتی کہ وہ اپنی کہنہ مشقی کی وجہ سے اسی کثرتِ کار کی بدولت انکو ازبر کر لیتا ہے اور ایسی حالتمیں پھر کتاب دیکھنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی، لیکن ایک مبتدی کو اسوقت تک ہر ہر لحظہ ضرورت پیش آتی رہیگی جبتک کہ قواعد اور ضوابط اسکو اچھی طرح سے حفظ نہ ہو جائیں لہذا انہیں چند ضروری اصولوں پر اس کتاب میں اکتفا کیگئی ہے جنکے بغیر آگے کام چل ہی نہیں سکتا یا جنکے ترک کرنے سے ایسے عظیم نقصان سے واسطہ پڑجاتا ہے جسکی تلافی غیر ممکن صورت اختیار کرتے ہوئے بجائے فائدہ پہونچانے کے وبال جان بن جاتی ہے اگر اختصاری صورتمیں ان ضابطۂ کار پر جنکا تذکرہ درج ذیل ہے شائقین مطمئن نہ ہو رہے ہوں یا شوقِ تجسّس مزید بیتاب کر رہا ہو توہم انسے استدعا کر رہے ہیں کہ وہ ہماری ترتیب شدہ کتاب الموسوم بہ "اکسیر العملیات" اسی کتب خانہ سے منگا کر ملاحظہ فرمائیں انشاءاللہ اس کتاب کی موجودگی میں انہیں عملیات کی کسی دوسری کتاب کی ضرورت پیش نہ آئیگی، علاوہ ازیں عامل و شائق کو حصول اجازت کی ضرورت پیش آتی ہے اور میرا یہ ایمان ہے کہ اعمال و نقوش و سورتہائے کلام پاک و دعا برائے وظائف وغیرہ ذاتِ باری تعالیٰ سے وابستہ ہیں اسلئے کسی کی اجارہ داری نہیں ہر صاحب ایمان کو (بموجب احکامات شریعت اسلامیہ) حق حاصل ہے کہ جائز مطالبات میں انکو واسطہ بنائے۔ البتہ طریق خواندگی وغیرہ جداگانہ ہیں لہذا جو طریقہ کتاب ہذا میں تحریر ہے اس کے بابت اذنِ عام ہے۔ جائز مطالبات میں فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

فقط۔ والسلام۔ مؤلف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب اوّل

فصل ۱ دربیان قواعد عامہ

شائقین عملیات پر یہ بات اچھی طرح عیاں ہو جانی چاہیئے کہ کوئی کام اصول کے بغیر پایۂ تکمیل تک نہیں پہونچتا اور ہمیشہ ہر وہ کار جدید نا تمام رہتا ہے جسکے بابت کوئی اصول اسکے شروع کرنے سے پہلے مرتب نہ کر لیا گیا ہو۔ میرا اس سلسلہ میں اسی قدر لکھنا کافی سمجھا جائے گا کہ قدرت کو بھی اصول سے بڑا لگاؤ ہے اور اسی بناء پر انسان کی تخلیق بھی ایک اصول کیساتھ مرتب کیگئی ہے۔ اصول ہی کے تحت دنیا قائم ہے حکومتیں عالم وجود میں آتی ہیں معاشرے بنتے ہیں قومیں سنورتی ہیں۔ اور آخر کار ایک اصول ہی کے تحت انسان سفر آخرت بھی اختیار کرتا ہے چنانچہ عملیات کی دنیا بھی اس "اصول" سے خالی نہیں اور یہی وجہ اس کے پائیدار اور نفع بخش ہونے کی ہے۔ لہذا ہر نو آموز کے لئے میری سب سے پہلے یہی ہدایت ہوگی کہ وہ ضابطہ کار (اصول) کو فراموش نکرے اور اس کی ابتدائی منزل کے بظاہر دشوار گزار اور کٹھن راستوں کو اچھی طرح ذہن نشین کرلے تاکہ راست روی سے بھٹکنے نہ پائے اور نتائج ہمیشہ خوشگوار برآمد ہوتے رہیں۔ چنانچہ حسب ذیل امور پر پہلے پابند ہو (۱) عمل شروع کرنے سے پہلے ہر نو آموز شائق کو جھوٹ سے پرہیز اور سچ بولنے کی عادت ڈالنی چاہئے (۲) ہر وقت پاک و طاہر رہنا چاہیئے (۳) نماز کا سخت پابند ہونا چاہیئے۔ (۴) غصہ کو حرف غلط کی طرح دل سے زائل کر دینا اور (۵) انتقامی جذبہ کو فنا کر دینا چاہیئے۔ (۶) ایثار اور (۷) قربانی کے جذبات کو پیدا کرنا چاہیئے اور (۸) بلا غرض خلق خدا کی خدمت سے دریغ نہ کرنا چاہیے۔ (۹) ہر کام کو ایماندارانہ طریقہ سے کرنیکی عادت ڈالنی چاہیئے۔ بقیہ اور دوسری باتیں حسب موقع ضبط تحریر میں آتی رہیں گی جو ضروری ہیں۔

سیّارگان

یوں تو خلاق عالم نے بیشمار ستارے پیدا کئے ہیں جو فلک نیلی فام پر جگنو کیطرح چمکتے ہوئے نظر آتے ہیں جنکا شمار بجز اس ذات اقدس کے (یا جسکو اس نے مناسب سمجھا) آجتک کوئی دوسرا نہ کر سکا۔ ابتک کی دریافت سے ان ستاروں میں سے صرف سات ستارے متحرک پائے گئے ہیں جن کے نام یہ ہیں۔ شمس۔ قمر۔ مشتری۔ زہرہ۔ مریخ

خواص وقیام

خلّاق عالم نے ان متحرک سات ستاروں کو عجیب و غریب اثرات کا مالک بنایا ہے اور ان کے مقامات تجویز فرمائے ہیں۔ ان ستاروں کی حرکات سے عالم پر طرح طرح کی تاثیرات ظہور پذیر ہوتی رہتی ہیں۔ اس مالک الملک نے ان ستاروں کو سعد و نحس کی قوّت بخشتے ہوئے ایام ہفتہ میں سے ایک ایک دن کو ایک ایک ستارے سے منسلک فرما دیا ہے اور پھر شب و روز کے ہر گھنٹہ کی تقسیم نے انکی اہمیت پر بہت زیادہ روشنی ڈالی ہے جسکی تفصیل حسب ذیل ہے۔ **مشتری** یہ ستارہ سعد اکبر، عامل یوم پنجشنبہ، ساکن فلک ششم، رنگ زرد (صندلی) بصورت پیر مرد کتاب ہاتھ میں لئے ہوئے ہے، اس ستارے کی ساعت میں تعویذات محبّت۔ حاضر ہونے غائب۔ رفع بیماری۔ ترقّی عزّ و جاہ لکھے اور انہیں مطالب کے لئے وظائف پڑھے جاتے ہیں۔ **زہرہ** یہ ستارہ سعد اصغر یعنی نیکی میں مشتری سے دوسرے نمبر پر ہے۔ عامل روز جمعہ ہے شباہت میں بصورت عورت ہاتھ میں کوئی باجہ لئے ہوئے رنگ سفید حاکم فلک سوم ہے اس ستارے کی ساعت میں تعویذات الفت۔ زبان بندی۔ خواب بندی۔ وسعتِ رزق وغیرہ کا لکھا جاتا ہے اور انہیں حاجات کے برآنے کیلئے وظائف پڑھے جاتے ہیں۔ **شمس**۔ یہ ستارہ سلطان الکواکب ہے نہایت اچھے خواص کا مالک ہے اس ستارے کی ساعت میں تعویذات محبّت۔ شفائے امراض، بلندی مراتب وغیرہ کے لکھے جاتے ہیں اور ایسے ہی مقاصد کے حاصل کرنے کیلئے وظیفہ خوانی کیجاتی ہے شکل بصورت مرد، میانہ قد۔ گرد چہرہ ہالہ دائیں اور بائیں صورت شیر کی دونوں ہاتھ ان پر رکھے ہوئے رنگ طلائی حاکم فلکِ چہارم ہے۔ **قمر** اسکا دوسرا عام فہم نام چاند بھی ہے، بصورت مرد دراز قد، دونوں ہاتھ کاندھے پر دھرے ہوئے ایک ہالہ سبز گرد چہرہ، رنگ زرد، عامل روز دوشنبہ مقیم فلک اوّل اسکی خاصیت بھی سعد ہے لہذا اسکی ساعت میں محبّت، ترقّی عزّ و جاہ، وسعتِ رزق اور شفائے امراض کے تعویذات لکھے جاتے ہیں اور انہیں امور کے حصول کیلئے وظیفہ خوانی کیجاتی ہے۔ **عطارد**۔ یہ ستارہ مشترک ہے صورت ایک پیر دراز ریش ہاتھ میں قلم زانو پر کاغذ رکھے ہوئے گویا کوئی چیز لکھتا ہے رنگ فیروزی حاکم اقلیم دوم اور عامل روز چہار شنبہ ہے۔ اس ستارے کی ساعت میں تعویذاتِ محبّت، خواب بندی اور تیغ بندی کا لکھا جاتا ہے۔ **زحل** ۔ یہ ستارہ نحس اکبر ہے۔ بصورت مرد دراز قد ۶ ہاتھ

رکھتا ہے۔ دو ہاتھوں سے عصا نیچے گدی کے ٹکائے ہوئے اور دوسرے دونوں ہاتھوں پر ڈالی کسی میوہ دار درخت کی لئے ہوئے ہے۔ رنگ سیاہ عامل فلک ہفتم۔ اس ستارے کی ساعت میں تعویذ ہلاکی دشمن و تباہی وغیرہ کا لکھا جاتا ہے۔ **مریخ**۔ یہ ستارہ نحس اصغر لیکن کوتوال فلک ہے بصورت مرد لشکری، ایک ہاتھ میں تلوار دوسرے ہاتھ میں کٹا ہوا سر لئے ہوئے رنگ سرخ یوم منگل سے تعلق رکھتا ہے اور عامل فلک پنجم ہے۔ اس ستارے کی ساعت میں تعویذات عداوت وہلاکی وتباہی دشمنان لکھے جاتے ہیں اور اسی نوعیت پر عمل خوانی بھی کیجاتی ہے لیکن ابتداء ساعت سعد میں کرے ورنہ انجام کرنے والے کے حق میں بہتر نہ ہوگا۔

بخورات عملیات کی ضخیم اور مستند کتابوں کی ورق گردانی کرنے کے بعد بخورات کی اہمیت پر کافی روشنی پڑتی ہے لہذا شائقین اس بات کو اچھی طرح ذہن نشین کرلیں کہ بخورات عملیات و نقوش کی بنیادوں میں سے ایک اہم بنیاد کا درجہ رکھتے ہیں لہذا عامل جب بھی عمل شروع کرے سب سے پہلے بخورات کو دھیان میں رکھے، نقوش بھرنے یا عمل شروع کرنے سے پہلے ستاروں کی مزاجی خاصیت کیمطابق پاک طاہر مٹی کے برتن میں بخورات کو ضرور سلگادے ہر ستارہ جن جن بخور سے تعلق رکھتا ہے اس کی تفصیل درج ذیل ہے اور بخور دھونی کو کہتے ہیں۔ **بخورات زحل**۔ عود۔ لوبان۔ رال۔ گوگل۔ **مریخ**۔ لوبان۔ عود۔ قرنفل۔ سیندور۔ جوز۔ گوگل۔ **شمس**۔ عطر۔ عنبر۔ مشک۔ زعفران زرد۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ عود۔ جوز۔ اگر۔ شکر۔ لوبان۔ سیندور۔ **مشتری**۔ عطر۔ عنبر۔ مشک۔ زعفران زرد۔ صندل سرخ۔ صندل زرد۔ اگر۔ لوبان حب الفار۔ شکر۔ **زہرہ**۔ عطر سہاگ۔ مشک۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ لوبان زعفران۔ شکر۔ جائفل۔ اگر۔ پھول خوشبودار۔ **عطارد**۔ عود۔ عنبر لوبان۔ تخم فیشور۔ الکندر **قمر**۔ کافور۔ عطر۔ عطر گلاب۔ لوبان۔ عود۔

تذکرہ دوستی و دشمنی کواکب:۔ اس امر کا انکشاف بھی ہر نو آموز شائق کیلئے دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ سبعہ سیارگان بھی باہمی دوستی اور دشمنی کے خوگر ہیں یعنی کچھ تو باہم دوست ہیں اور کچھ دشمن اور کچھ ڈھلمل یقین نہ دوست نہ دشمن موقع کی تاک میں رہتے ہیں دوستی کی جگہ

دوستی اور دشمنی کے موقع پر دشمن بننے سے گریز نہیں کرتے یوں سمجھ لیجئے کہ درجہ مساویانہ رکھتے ہیں جنکی تفصیل حسب ذیل ہے۔ اس لئے چاہیئے کہ عامل اسکا بھی بروقت چلہ کشی یا تحریر نقوش خاص خیال رکھے دوستی اور حب کیلئے جب ستارے دوستی کے برجوں میں ہوں عمل یا نقش شروع کرے اسیطرح نفاق اور عداوت کیلئے جب ستارے دشمنی رکھنے والے بروج میں ہوں عمل پڑھے یا نقوش تحریر کرے ستاروں کی دوستی اور دشمنی کا تذکرہ حسب ذیل ہے البتہ تذکرہ بروج آگے آئے گا۔ **آفتاب** اور **مریخ** باہمی بہت دوست ہیں **زہرہ اور زحل** یہ دونوں ستارے بھی باہمی بہت دوست ہیں۔ **عطارد اور آفتاب** باہمی بدرجۂ اوسط دوست ہیں اور نگاہ اچھی رکھتے ہیں **عطارد اور مریخ** دوست بدرجۂ اوسط **قمر اور مریخ** اوسط درجہ کی دوستی ہے **شمس اور زحل** دشمن بدرجۂ اوسط **مشتری** اور **قمر** دوست **عطارد اور زحل** دشمن اوسط درجہ **عطارد اور زہرہ**۔ دونوں

تذکرہ بروج

یہ امر پوشیدہ نہ رہے کہ بسبب گردشِ آفتاب کے آسمان میں ایک دائرہ پیدا ہوتا ہے اور جب تک آفتاب کا وجود قائم رہے گا دائرہ کو بھی مقام حاصل رہیگا چنانچہ اسی دائرہ کو دائرۃ البروج کہتے ہیں آفتاب اس پورے دائرے کو ایکسال کی مدت میں طے کرتا ہے اسکی اس مدت گردش کو عاملین نے ۱۲ حصوں میں تقسیم کرکے ہر حصہ کا برج کا نام رکھا جو حسب ذیل ہے چنانچہ پہلا برج **حمل** دوسرا **ثور** تیسرا **جوزا** چوتھا **سرطان** پانچواں **اسد** چھٹا **سنبلہ** ساتواں **میزان** آٹھواں **عقرب**۔ نواں **قوس**۔ دسواں **جدی** گیارہواں **دلو**۔ بارہواں **حوت**۔ ان بروج میں برج حمل اور برج اسد باہمی بہت زیادہ دوست ہیں۔ ثور اور عقرب بدرجہ اوسط دوست ہیں۔ جوزا قوس اور دلو باہمی بہت زیادہ دوست ہیں سنبلہ اور حوت باہم دوست ہیں۔ میزان اور حمل اوسط درجہ دوست ہیں۔ ثور اور سنبلہ بہت زیادہ دوست ہیں۔ جوزا اور میزان بہت زیادہ دوست ہیں۔ سرطان اور عقرب بدرجہ اوسط دوست ہیں۔ اسد اور قوس دوست بدرجہ مبالغہ سنبلہ اور جدی دوست بدرجۂ اوسط۔ اسد اور حوت باہمی بہت دشمن۔ حمل اور سنبلہ دشمن بدرجۂ اوسط۔ حمل اور عقرب دشمن بدرجہ اوسط ثور اور میزان دشمن بدرجۂ اوسط۔ حمل اور ثور باہمی دشمن ہیں لہذا عامل اس بات کا بھی بروقت خواندگی عمل و تحریر نقوش لحاظ رکھے گا کہ امر ہذا بھی بہت ضروری ہے۔

زمانہ قیام سیارگان متعلق بروج

واضح ہو کہ برج کے پہلے حصہ حمل سے آخری بارہویں حصہ حوت یعنی پورے برج کا دورہ آفتاب ایکسال کی مدت میں طے کرتا ہے۔ اسی طرح ہر ستاروں کا دورہ بروج میں ہوتا رہتا ہے کون ستارہ کتنی مدت میں ایک برج کی مسافت کو طے کرتا ہے اس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ **شمس** - ایک ماہ میں ایک برج کی مسافت کو طے کرتا ہے **قمر** - ۲¼ دن اور چند گھڑی۔ **مشتری** تیرہ ۱۳ مہینے - **مریخ** ۴۵ دن **زحل** ۲½ سال **زہرہ** ۲۸ روز **عطارد** ایک ماہ میں اس سفر کو طے کرتے ہیں۔ آفتاب کا پہلا دورہ برج حمل سے شروع ہوتا ہے جو دائرۃ البروج کا پہلا درجہ ہے اسی طرح ہر ستارے کا زمانۂ سفر در برج معلوم کیا جاسکتا ہے جس کیلئے سال متعلقہ کی جنتری کی اشد ضرورت عامل کو پیش آیا کریگی اس لئے عامل کے پاس ہر سال کی جنتری کا ہونا اشد ضروری ہے۔ *

تذکرہ خمسۂ متحیرہ

جاننا چاہیئے کہ پانچ ستارے مشتری - زہرہ - عطارد - مریخ اور زحل اس لئے خمسۂ متحیرہ کہے جاتے ہیں کہ یہ پانچوں ستارے کبھی آفتاب کے نیچے رہتے ہیں اور کبھی پیچھے اور یہی ستارے سب برجوں سے رجعت رکھتے ہیں لہذا بغیر کسی مستند تقویم کے انکی سیر کی کیفیت سے آگاہ ہونا بہت مشکل ہے اور بغیر اس راز سے آگاہ ہوئے ذریعہ عمل یا تعویذات کسی کام کا مستقل طور پر بہتر انجام پانا تقریبًا غیر ممکن ہے جہاں ان ستاروں کی نقل و حرکت کی تواریخ اور بروج سے آگاہ ہونا ضروری ہے وہاں اسی منزل پر پہنچکر شمس و قمر کو مستثنیٰ قرار نہیں دیا جاسکتا اس لئے کہ یہ بنیاد ہیں لہذا انکی نقل و حرکت سے باخبر ہونا عامل کیلئے بہت ضروری ہے چنانچہ اس ضمن میں خواجہ نصیر الدین طوسی کے اشعار میں قمر کی نقل و حرکت سے ناظرین کو باخبر کردیا گیا ہے اور یہ اشعار اپنی تشریح کیساتھ ضبط تحریر میں لاکر آسان نثر کردیئے گئے ہیں تاکہ کسی قسم کی دقت واقع نہ ہو صفحہ گذشتہ میں تحریر کیا جاچکا ہے کہ چاند ہر برج میں کم و بیش ۲½ دن سے زیادہ قیام نہیں کرتا اس

* اگر دائرۃ البروج کا تذکرہ ناکافی ہو - حالانکہ اختصاراً بھی ایسا نہیں ہے تو شائقین ہماری کتاب "اکسیر العملیات" مکتبہ شیراز نوری " سے طلب فرمائیں جسمیں مفصل روشنی ڈالی گئی ہے مؤلف -

لئے معلوم ہوا کہ ایک سال میں قمر پورے بروج کا بارہ دورہ مکمل کرتا ہے اشعار ذیل سے معلوم کیجئے

انچہ از ماہ شد مضاعف کن	پنج دیگر فزود بر سر آں !!
پس بہ برجے کہ آفتاب درست	بکن آغاز پنج پنج بر آں !!
ہر کجا منتہی شود عددش	ماہ آں جا بود یقیں میداں
انچہ از کسر پنج می مانند	بر سرش میروی و زوج بخواں

تشریح :- تشریح ان بیتوں کی یہ ہے کہ شروع میں پروا اور دو پنج جو ہر مہینے میں ہوتی ہے اس سے آغاز کریں۔ مثلاً کسی نے دریافت کیا کہ قمر آج کہاں ہے تو اس وقت مہینے کی تاریخ کو دگنا میں لائیں معلوم ہوا کہ پروا سے دس دن گزرے ہیں تو دس اس پر زیادہ کریں اس اضافہ سے میزان بیس ۲۰ ہوئی قاعدے کی رو سے پانچ اور ملائے تعداد پچیس ۲۵ ہوئی پھر اس وقت آفتاب کو معلوم کرے کہ کون سے برج میں ہے معلوم ہوا کہ آفتاب برج سنبلہ میں ہے تو اب ان اعداد کو پانچ۔ پانچ کے حساب سے تقسیم اس طرح کی کہ پانچ سنبلہ کو دیے۔ پانچ میزان کو۔ پانچ عقرب۔ پانچ قوس اور آخری پانچ جدی کو دیئے۔ جب اس طرح سے ۲۵ کی تقسیم پوری ہوگئی تو اب معلوم ہوا کہ قمر آخری درجہ جدی میں ہے لیکن حساب ہندی مہینے اور پروا سے کرے ورنہ غلطی ہوگی۔

اشکال و مزاج بروج

اس امر کا ضبط تحریر میں لانا بہت ضروری تصور کیا گیا کہ اشکال و مزاج بروج کی بھی مثل سبعہ سیارگان تشریح کر دی جائے تاکہ نا واقف حضرات کو بروج اور سیارگان کی مزاجی کیفیت و دیگر حالات کے موازنہ کرنے میں آسانی ہو اس ضمن میں صفحہ نمبر ۸ پر اسمائے بروج و باہمی دوستی و دشمنی کا تذکرہ کیا جا چکا ہے اس مقام پر صرف انکی شکلیں، مزاجی حالات معہ موکلان و سیارگان کے تحریر کی جاتی ہیں۔ جو میرے خیال میں ضروری ہے۔ حمل (برج اول) ہندی میکھ بصورت مینڈھے کے مشرقی آتشی سرخ وبال زہرہ۔ شرف آفتاب ۹ درجہ پر ہبوط زحل۔ مذکر منقلب موکل سراطائیل حروف ا ع ک خانۂ مریخ۔ ثور (برج دوم) ہندی برکھ۔ بصورت گاؤ جنوبی خاکی سیاہ۔ وبال مریخ۔ شرف قمر ۳ درجہ پر مؤنث ثابت خانۂ زہرہ موکل حزرائیل حروف ب و۔ جوزا۔ ہندی متھن

بصورت دو لڑکے کے برہنہ تن آپس میں ملے ہوئے مغربی بادی زرد وبال مشتری شرف راس
خانۂ عطارد ہبوط ذنب مذکر ذوجسدین موکل اصوائیل حروف ف ۔ق۔ک سرطان۔ ہندی
کرک بصورت دریائی کیکڑا خانۂ قمر شمالی آبی سفید وبال زحل شرف مشتری۔ ہبوط مریخ مؤنث منقلب
مؤکل قیقائیل حرف د ح اسد۔ ہندی سنگھ بصورت شیر خانۂ شمس۔ مشرقی آتشی سرخ شرف
وبال زحل۔ مذکر ثابت مؤکل حرکائیل حرف م۔ت۔ سنبلہ۔ ہندی کنیا بصورت عورت خانہ عطارد
جنوبی خاکی سبز وسیاہ وبال مشتری۔ شرف عطارد ہبوط زہرہ۔ مؤنث ذوجسدین مؤکل سماکائیل حرف
پ۔ت۔ میزان ہندی تُلا۔ بصورت ترازو۔ خانۂ زہرہ۔ مغربی بادی سفید۔ وبال مریخ شرف
زحل۔ ہبوط آفتاب مذکر منقلب مؤکل فہم الخائیل حروف خ۔ر۔ت۔ط عقرب۔ ہندی برچھک بصورت
بچھو۔ خانۂ مریخ شمالی آبی سرخ۔ وبال زہرہ ہبوط قمر۔ مؤنث ثابت مؤکل صدفائیل۔ حروف ل۔ن
ظ ض۔ قوس۔ ہندی دھن۔ بصورت پیر مرد۔ خانۂ مشتری۔ مشرقی آتشی زرد۔ وبال عطارد
شرف ذنب۔ ہبوط راس۔ مذکر ذوجسدین مؤکل صلخائیل حرف۔ ف۔ جدی۔ ہندی مکر۔ بصورت
بکری۔ خانۂ زحل۔ جنوبی خاکی سیاہ۔ وبال قمر۔ شرف مریخ۔ ہبوط مشتری۔ مؤنث منقلب مؤکل
سماکائیل۔ حروف۔ ح۔ خ۔ دلو۔ ہندی کمبھ۔ بصورت مرد۔ خانۂ زحل۔ مغربی بادی زرد۔ وبال
آفتاب۔ مذکر ثابت۔ مؤکل سخازائیل۔ حروف ص۔ش۔ث۔غ۔ حوت۔ ہندی مین بصورت
دو مچھلیوں کے خانۂ مشتری۔ شمالی آبی سرخ وبال وہبوط عطارد۔ شرف زہرہ۔ مؤنث ذوجسدین مؤکل
تقفہائیل۔ حروف۔ ج۔ د۔

تذکرہ سعد ونحس

بعد تحقیق بسیار یہ بات پایۂ ثبوت کو پہونچ چکی ہے کہ جن بروج کے النسانی معلومات بعد سعیٔ بسیار ہنوز صفر کے برابر ہیں انھیں بروج کو خالق ارض وسماء نے نیکی بدی یعنی سعادت ونحوست کا اثر الگ الگ عطا فرمایا ہے۔ جن کے تاثرات سے نظام دنیاوی بہت زیادہ مؤثر ہوتا ہے چنانچہ ماہرین عملیات نے ان بارہ برجوں کو تین حصوں میں اس طرح تقسیم کیا ہے۔ ثابت ۔ منقلب ۔ ذوجسدین ۔ چنانچہ ماہرین کا کہنا ہے کہ جب آفتاب بروج ثابت میں ہو تو عمل محبت وکشائش رزق تلاش مفرور۔ اور جب آفتاب بروج منقلب میں ہو تو عمل عداوت ۔تباہی ۔مقہوری اعداء وغیرہ اور بروج ذوجسدین میں دونوں طرح عمل

کر سکتا ہے البتہ حب وغیرہ کا عمل علاوہ بروج ثابت کے اور کسی برج کے اندر زمانہ قیام آفتاب میں نہ کرے کہ اثرات خاطر خواہ ظاہر نہ ہونگے زیادہ تر امید نقصان پہونچنے کی رہتی ہے۔

طریقہ دریافتگی برج

عامل کو صاحب ضرورت کے برج سے آگاہ ہونا بہت ضروری ہے لہذا اس کا طریقہ یہ ہے کہ صاحب ضرورت اور اسکی ماں (اور اگر اسکی ماں کا نام کوشش بلیغ سے بھی نہ ہو سکے تو جناب حضرت حوا کے نام کے اعداد کہ جتنے انسان روئے زمین پر ہیں یا آئندہ ہونگے ان سب کی مادر اولیٰ آپ ہیں) دونوں کے نام کے اعداد بحساب ابجد (تذکرہ آگے آئیگا) نکال کر دونوں کو ایک جگہ جمع کر کے اس مجموعہ موصولہ کو بارہ سے تقسیم کر دیں۔ اگر اعداد متعلقہ میں سے بعد تقسیم ایک بچتا ہے تو شخص مذکور کا برج ،برج حمل۔ دو ۲ بچنے پر برج ثور۔ تین ۳ بچنے پر برج جوزا۔ چار ۴ بچنے پر برج سرطان۔ پانچ ۵ بچنے پر برج اسد۔ چھ ۶ بچنے پر برج سنبلہ۔ سات ۷ بچنے پر برج میزان۔ آٹھ ۸ بچنے پر برج عقرب۔ نو ۹ بچنے پر برج قوس۔ دس ۱۰ بچنے پر برج جدی۔ گیارہ ۱۱ بچنے پر برج دلو ہوگا اور جب بھی اعداد بارہ ۱۲ سے پورے پورے تقسیم ہو جائیں تو اسوقت صاحب ضرورت کا برج ،برج حوت ہوگا۔ مزید روشنی ڈالنے کیلئے ذیل میں دو ۲ مثالیں تحریر کیجاتی ہیں، اگر ان مثالوں کو آپ ذہن میں رکھیں گے تو استخراج میں کبھی غلطی نہ ہوگی۔

مثال نمبر ۱:- ایک شخص کا نام اقبال جسکے اعداد بحساب ابجد ۱۳۴، اسکی ماں کا نام حسینہ اعداد بحساب ابجد ۱۳۳، دونوں کا مجموعہ ۲۶۷ ہوا چنانچہ اس عدد مجموعی کو ۱۲ سے تقسیم کیا، باقی ۳ بچا۔ پس معلوم ہوا کہ اقبال کا برج، برج جوزا ہے۔

مثال نمبر ۲:- ایک شخص کا نام جمیل جس کے اعداد بحساب ابجد ۸۳۔ اس کی ماں کا نام دردانہ اعداد بحساب ابجد ۲۶۴۔ دونوں کا مجموعہ ۳۴۷۔ بارہ ۱۲ سے تقسیم کیا گیارہ بچے پس جمیل کا برج برج دلو ہے۔

یہ دو ۲ ٹھوس مثالیں ایسی پیش کیگئی ہیں جنکو سمجھ کر اگر شائق ذہن نشین رکھے تو استخراج میں غلطی نہ ہوگی۔

تاثیر باہمی

بعد تحقیق و تفتیش یہ امر بھی روز روشن کیطرح عیاں ہو چکا ہے کہ خالق کائنات نے ان برجوں میں بھی باہمی محبت بغض اور عداوت کی تاثیر عطا فرمائی ہے اور کائنات کا تمام سلسلہ ان برجوں کی سعادت

اور نحوست سے اثر انداز ہوتا رہتا ہے چنانچہ ماہرین علم نجوم نے کافی تحقیق کے بعد اس بات پر متفق ہو کر لکھتے ہیں کہ جن دو شخصوں کے برج مثلثہ سے ہوں انمیں باہمی الفت و محبت ضرور ہوتی ہے اور دوسروں کیساتھ عداوت۔ مثلاً آتشی برج والا آتشی سے موافقت اور خاکی و آبی سے مخالفت رکھتا ہے۔ حُب کا عمل کرنے والے لوگوں کیلئے یہ قاعدہ نہایت مفید اور مجرب ہے۔ جب عامل نو آموز حُب کا عمل کرنے لگے تو سب سے پہلے اس امر کو دیکھ لے کہ طالب و مطلوب باہمی محبت رکھتے ہیں یا عداوت۔ اگر ایک مثلثہ سے ہوں تو ضرور انمیں پیدا ہوگی آسانی کیلئے سطور ذیل میں اسکی تفصیل دیکھیں تین برج آتشی۔ تین خاکی تین بادی اور تین آبی ہیں۔

بروج کی مزاجی تفصیل:

آتشی	خاکی	بادی	آبی
حمل	ثور	جوزا	سرطان
اسد	سنبلہ	میزان	عقرب
قوس	جدی	دلو	حوت

غذائی تشریح

جہاں اور قاعدے خواندگی عمل و تحریر نقوش کیلئے جوابتک سپرد کتاب ہذا کئے گئے ہیں وہاں ستاروں کی غذا کو بھی عامل کو فراموش نہ کرنا چاہیئے یہ منزل بھی اصول اور قاعدوں کی منزل میں بہت اہم ہے۔ اسکے یہ معنی نہیں ہیں کہ جو اشیاء بصورت نقشہ ذیل میں تحریر کی جارہی ہیں انکو وہ ستارے جن سے انکا تعلق ہے بطور غذا کے استعمال کرتے ہیں۔ طریقہ اسکا یہ ہے کہ اشیاء متعلقہ سیارگان کو پاک و صاف ہو کر علیحدہ پاک برتن میں رکھکر بعد سلگانے بخورات جنکی تشریح اوراق گذشتہ میں کیجاچکی ہے ہو کلان ستارۂ متعلقہ کو دعوت دیں یعنی غذا مطابق نقشہ جو کچھ اس ستارے کی ہے اسکو نذر دیکر خود کھا یا صدقہ دے کر کسی مستحق نمازی اور پرہیزگار کو۔ اور دوسرے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے بعد ادائے زکوٰۃ حروف تہجی کہ جس کا تذکرہ آگے آئے گا عمل شروع کرے انشاءاللہ تعالےٰ کامیاب ہوگا۔

(نقشہ غذا صفحہ نمبر ۱۴ پر دیکھئے)

نام سیارہ	تفصیل غذا
آفتاب	میوہ ہائے ولایتی - شیرینی - دال - نخود - برنج - عطر - اور شہد خالص -
قمر	زردہ شیریں - برنج سفید - شکر سفید - شیر برنج - شیر خالص - روغن زرد دہی - گلاب - میوہ ہندی شیریں - کیوڑہ -
مریخ	گوشت - نان خمیری - کباب - ساگ - سُرخ مرچ - سرسوں کا تیل - مسور کی دال اور اچھی خوشبو تیز و تُند -
عطارد	مرچ - دال مونگ - میوہ ہندی و ولایتی - پستہ سبز - چار مغز - انگور انار - پراٹھا - خوشبوئے مجموعہ -
مشتری	شیر برنج - زردہ - لوزات وغیرہ - شہد خالص - دال نخود - مصری - شہد - شکر - نان شیریں - عطر گلاب -
زہرہ	شیر برنج - زردہ - لوزات - حلوائے لذیذ - شہد خالص - دال نخود برنج - عطر سہاگ -
زحل	کھچڑی ماش - کنجد سیاہ - بادنجان - میوہ ہائے تلخ - عطر گل -

تذکرہ شرف و ہبوط

سب سے پہلے ناواقف حضرات کیلئے ضروری ہے کہ انکو شرف و ہبوط کے معنی سمجھائے جائیں اور انکی مکمل تشریح کردی جائے اس لئے معلوم ہونا چاہیئے کہ شرف کے لغوی معنی "بزرگی اور ترجیح" کے ہیں اسی طرح ہبوط کے لغوی معنی "گرنے یا اترنے" کے ہیں - لیکن عملیات کی دنیا میں شرف بمعنی سعد یعنی نیک اور ہبوط بمعنی نحس یعنی بد کے ہیں اس لئے عامل کو موقع بموقع ستاروں کے عروج و زوال کی منزل بھی تلاش کرنی پڑے گی لہذا ایک نقشہ بغرض آگاہی تحریر کیا جاتا ہے تاکہ عامل کو بروقت خوانندگی عمل کسی قسم کی دقت محسوس نہ ہو یہاں یہ تذکرہ بھی بیجا نہ ہوگا کہ عاملین نے مہینوں کو بھی دو حصوں میں تقسیم کیا ہے - یعنی ہر ماہ

کی پہلی تاریخ سے چودہ تاریخ تک کے زمانہ کو زمانۂ عروج اور پندرہ تاریخ سے لیکر آخری تاریخ تک کے زمانہ کو زمانۂ زوال کہتے ہیں۔ پس ترقی کاروبار۔ وسعت رزق۔ محبت۔ شفائے امراض واپسی مفرور وغیرہ وغیرہ مسائل کو زمانۂ عروج میں اور نفاق۔ تباہی و بربادی دشمن وغیرہ ایسے مسئلہ کو زمانۂ زوال میں حل کرنا چاہیئے۔ نقشہ شرف و ہبوط درج ذیل ہے۔

	شرف		ہبوط	
نام ستارہ	نام برج	تعداد درجہ	نام برج	تعداد درجہ
آفتاب	حمل	١٩	میزان	١٩
قمر	ثور	٣	عقرب	٣
مریخ	جدی	٢٨	سرطان	٢٨
عطارد	سنبلہ	١۵	حوت	١۵
مشتری	سرطان	١۵	جدی	١۵
زہرہ	حوت	٢٧	سنبلہ	٢٧
زحل	میزان	٢١	حمل	٢١
ذنب و راس	جوزا	تمام برج ہیں	قوس	تمام برج میں

مہینے اور بروج

بعد تحقیق و تفتیش عاملین نے بروج اور مہینوں کے باہمی تعلقات کو اس طرح سے وابستہ کیا ہے سب سے پہلے اس بات کو جاننا چاہیئے کہ جن عربی مہینوں کا تذکرہ کیا جا رہا ہے اسکو ماہ جلالی کہتے ہیں اور سال جلالی کا پہلا مہینہ ماہ محرم الحرام ہے پس چاہیئے کہ بعد اخراج طالع وغیرہ جب عامل وظیفہ خوانی کیلئے تیار ہو اور دعوت و زکوٰۃ وغیرہ دینا شروع کرے تو سب سے پہلے اسکو مہینے اور بروج کا خیال ضرور رکھنا چاہیئے اور اگر اس کا خیال عامل نے نہ رکھا تو میرے نزدیک عامل نے عمل کے بنیادی ستونوں میں سے ایک ستون کو اپنے ہاتھوں سے گرا دیا۔ اب اگر بعد خواندگی عمل مطالب حسب دلخواہ پورے نہ ہوں تو یہ قصور اس کا اپنا ہو گا۔ بتانے والے کی کوئی

ذمہ داری نہ ہوگی۔

محرم الحرام :۔ یہ سال جلالی کا پہلا مہینہ ہے جو منسوب بہ برج حمل طالع آتشی اور نر ہے

صفر المظفر :۔ یہ سال جلالی کا دوسرا مہینہ ہے جو منسوب بہ برج ثور طالع خاکی اور مادہ ہے

ربیع الاول :۔ یہ مہینہ سال جلالی کا تیسرا مہینہ ہے جو منسوب بہ برج جوزا طالع بادی اور نر ہے۔

ربیع الثانی :۔ یہ مہینہ سال جلالی کا چوتھا مہینہ ہے جو منسوب بہ برج سرطان آبی اور مادہ ہے۔

جمادی الاول :۔ یہ مہینہ سال جلالی کا پانچواں مہینہ ہے جو منسوب بہ برج اسد آتشی اور نر ہے۔

جمادی الثانی :۔ یہ مہینہ سال جلالی کا چھٹا مہینہ ہے جو منسوب بہ برج سنبلہ خاکی اور مادہ ہے۔

رجب المرجب :۔ یہ مہینہ سال جلالی کا ساتواں مہینہ ہے جو منسوب بہ برجِ میزان بادی اور نر ہے۔

شعبان المعظم :۔ یہ مہینہ سال جلالی کا آٹھواں مہینہ ہے جو منسوب بہ برجِ عقرب آبی اور مادہ ہے۔

رمضان المبارک :۔ یہ مہینہ سال جلالی کا نواں مہینہ ہے جو منسوب بہ برجِ قوس آتشی اور نر ہے۔

شوال المکرم :۔ یہ مہینہ سال جلالی کا دسواں مہینہ ہے جو منسوب بہ برجِ جدی خاکی اور مادہ ہے۔

ذیقعدہ :۔ یہ مہینہ سال جلالی کا گیارھواں مہینہ ہے جو منسوب بہ برجِ دلو۔ بادی اور نر ہے۔

ذی الحجہ :۔ یہ مہینہ سال جلالی کا بارھواں اور آخری مہینہ ہے اس کو برجِ حوت سے نسبت ہے اور طالع اس کا آبی اور مادہ ہے۔

صدقہ کی اہمیت

جسقدر باتیں اسلام نے بسلسلۂ تعلیم ہمیں بتائی ہیں وہ ایسی نہیں ہیں کہ انھیں معمولی نقطۂ نگاہ سے دیکھا جائے تو اہنیں غیروں نے انمول جواہرات سے کہیں زیادہ اہمیت دیتے ہوئے اپنایا اور اسی وجہ سے آج دنیا میں ایک بلند مقام کے مالک بن گئے انھیں گرانقدر اصولوں میں "صدقہ" بھی ہے حدیث میں اسکی اہمیت پر پیغمبر اسلام صلعم نے کافی روشنی ڈالی ہے جسکے راویان صحیح اور معتبر ہیں انکا بیان ہے کہ جناب رسولخدا صلعم کا ارشاد ہے کہ صدقہ ہی ایسی خصوصیت کا مالک ہے جو ہر اہم سے اہم آئی ہوئی بلا کو رد کرسکتا ہے لہذا صاحبانِ ضرورت کے حق میں میرا یہ مشورہ ہے کہ بیماری وغیرہ یا جس پریشانی میں مبتلا ہوں تو اس سے نجات حاصل کرنے کیلئے صدقہ پر ضرور توجہ دیا کریں۔ صدقہ دو قسم کا ہوتا ہے

(۱) صدقۂ معمولی: یہ صدقہ معمولی کہا جاتا ہے۔ روپیہ پیسہ۔ اشیاء خوردنی۔ نقرہ۔ طلا۔ لوہا تانبہ پیتل۔ جواہرات۔ پارچہ جات۔ غرض ہر وہ اشیاء جو انسان کسی نہ کسی صورت میں اپنے استعمال میں لاتا ہو صدقہ میں استعمال کیجاتی ہے۔ مقدار صدقہ حسب حیثیت ہے۔ طریقۂ ادائیگی اسطرح پر ہے کہ مریض یا صاحب ضرورت اشیائے متعلقہ (صدقہ) کو تین مرتبہ چھو کر یا اپنے پر سے وار کر کسی فقیر و محتاج کو دیدے یا کسی چوراستہ پر رکھ دے (۲) اس صدقہ کو صدقۂ آسمانی کہتے ہیں یہ صدقہ بھی دافع بلیات ہے اسکا تعلق زیادہ تر آسیب زدہ، مسحور و مریض جاں بلب سے ہوتا ہے طریقۂ ادائیگی اسطرح پر ہے کہ ایک زندہ بکرا۔ دنبہ۔ بھیڑ یا گائے وغیرہ جیسی حیثیت ہو اور اگر یہ غیر ممکن ہو تو اپنی حیثیت کیمطابق گوشت خام منگوا کر مسحور، آسیب زدہ یا مریض پر سے تصدق کرکے اگر زندہ جانور ہے تو دعا مندرجہ کتاب ہذا جو آگے آئیگی پڑھ کر جانور متعلقہ پر دم کرے اور بعدہٗ اسکو ذبح کرا کر گوشت کی چھوٹی چھوٹی بوٹیاں بنوالے اور اس کو آسمان پر اڑتے ہوئے گوشت خور پرندوں (چیل وغیرہ) کو کھلا دیا کریں تو بلائیں اسکے طفیل یا مرض سے نجات پا کر مریض شفایاب ہوجاتا ہے

سنکرات اور اسکا طریقۂ دریافتگی

سنکرات کی تعریف یہ ہے کہ جب آفتاب ایک برج سے دوسرے برج میں داخل ہو رہا ہو تو اس [illegible] کو سنکرانت کہتے ہیں سنکرانت معلوم کرنے کیلئے سال شمسی کو چار حصوں پر تقسیم کیا جاتا ہے اس کے بعد جو باقی بچے اسکو جدول متعلقہ میں دیکھے سنکرانت معلوم ہوجاویگی یعنی اگر ایک بچے کو جدول اول

دو ۲ بچے تو جدول دوم تین بچے تو جدول سوم اور اگر چار باقی بچیں تو جدول چہارم سے سنکران معلوم کریں مثلاً چار پر تقسیم ہونے سے اگر ایک ۱ باقی بچا ہے تو ہم جدول اوّل میں دیکھیں گے اگر ہم اپریل کے مہینے میں سنکرات معلوم کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں جدول نمبرا کے دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ اپریل کی ۱۱ تاریخ کو ۱۲ گھڑی ۲ پل پر سنکرات حمل میں ہوگا۔ علیٰ ہٰذا القیاس چنانچہ جب استخراج آفتاب کی ضرورت پڑے تو سنکرات کے ذریعہ سے معلوم کر لیا کریں جدولیں درج ذیل ہیں

جدول ہا سنکرات

جدول اوّل

نام ماہ	شمار ماہ	نام برج سنکرانت	تاریخ	گھڑی	پل
اپریل	۱	حمل	۱۱	۱۲	۲
مئی	۲	ثور	۱۲	۱۹	۴
جون	۳	جوزا	۱۲	۴۵	۳
جولائی	۴	سرطان	۱۴	۲۲	۵۳
اگست	۵	اسد	۱۴	۵۲	۶
ستمبر	۶	سنبلہ	۱۴	۵۳	۳۱
اکتوبر	۷	میزان	۱۵	۱۷	۵۰
نومبر	۸	عقرب	۱۴	۱۰	۳۳
دسمبر	۹	قوس	۱۲	۳۹	۱۳
جنوری	۱۰	جدی	۱۱	۴۲	۳۵
فروری	۱۱	دلو	۱۰	۹	۴۵
مارچ	۱۲	حوت	۱۱	۵۹	۵۴

جدول دوم

نام ماہ	شمار ماہ	نام برج سنکرانت	تاریخ	گھڑی	پل
اپریل	۱	حمل	۱۱	۳۷	۷۴
مئی	۲	ثور	۱۳	۳۴	۳۵
جون	۳	جوزا	۱۴	۰	۳۵
جولائی	۴	سرطان	۱۵	۲۸	۳۵
اگست	۵	اسد	۱۵	۰	۳۸
ستمبر	۶	سنبلہ	۱۵	۸	۳
اکتوبر	۷	میزان	۱۲	۳۳	۲۲
نومبر	۸	عقرب	۱۳	۱۶	۵۰
دسمبر	۹	قوس	۱۱	۵۴	۴۵
جنوری	۱۰	جدی	۱۰	۵۸	۶
فروری	۱۱	دلو	۱۲	۲۵	۱۶
مارچ	۱۲	حوت	۱۲	۰	۲۶

جدول چہارم					
نام ماہ	شمارہ	برج شمس	پہنچ گھنٹے	گھڑی	پل
اپریل	۱	حمل	۱۱	۸	۰
مئی	۲	ثور	۱۲	۵	۰
جون	۳	جوزا	۱۳	۳۱	۰
جولائی	۴	سرطان	۱۴	۹	۰
اگست	۵	اسد	۱۴	۳۸	۴۱
ستمبر	۶	سنبلہ	۱۴	۳۹	۶
اکتوبر	۷	میزان	۱۵	۴	۲۵
نومبر	۸	عقرب	۱۲	۴۷	۹
دسمبر	۹	قوس	۱۲	۲۵	۴۸
جنوری	۱۰	جدی	۱۱	۲۹	۹
فروری	۱۱	دلو	۱۰	۵۶	۱۹
مارچ	۱۲	حوت	۱۲	۴۶	۲۰

جدول سوم					
نام ماہ	شمارہ	برج شمس	پہنچ گھنٹے	گھڑی	پل
اپریل	۱	حمل	۱۱	۵۳	۵
مئی	۲	ثور	۱۲	۵۰	۶
جون	۳	جوزا	۱۳	۱۶	۹
جولائی	۴	سرطان	۱۴	۵۳	۵۶
اگست	۵	اسد	۱۵	۲۳	۹
ستمبر	۶	سنبلہ	۱۵	۲۳	۳۴
اکتوبر	۷	میزان	۱۵	۴۸	۵۳
نومبر	۸	عقرب	۱۴	۴۱	۳۵
دسمبر	۹	قوس	۱۴	۱۰	۱۶
جنوری	۱۰	جدی	۱۲	۱۳	۳۸
فروری	۱۱	دلو	۱۰	۴۰	۴۸
مارچ	۱۲	حوت	۱۲	۳۰	۵۸

اقسام برج

چند اہم اور ضروری باتوں کے ساتھ بروج کے اقسام سے بھی شائقین کا واقف ہونا ازحد ضروری ہے

اِن ابتدائی باتوں کا اظہار میں اپنی ہراُن عملیات کی کتابوں میں برابر کرتا چلا آرہا ہوں جن کی ترتیب کا مجھے موقع ملا ہے یہ اس لئے کرتا ہوں تاکہ ناواقف حضرات زحمتِ تلاش سے بچ جائیں اور ناواقفیت کی بناء پر انکو کسی قسم کے نقصان سے دوچار نہ ہونا پڑے پس جاننا چاہیئے کہ ماہران علم نے جب اس کی بنیاد ڈالی تو سب سے پہلے حسب قاعدہ اس علم کے چند بنیادی اور ٹھوس اصول کی ایک دیوار قائم کی اور اس بنیاد پر اس علم کی فلک بوس

عمارت تعمیر کیگئی چنانچہ ان زریں اصولوں میں سب سے پہلے سال قائم کیا گیا پھر اس کے بارہ مہینے مقرر کیگئے جنکو بارہ برجوں سے نسبت دیگئی مہینوں سے دن بنائے گئے دن ہفتوں میں تبدیل کیگئے پھر ایام ہفتہ کا نام مقرر کر کے انکو سبع سیارگان سے منسوب کیا گیا۔ اسی طرح عاملین نے پورے سال کو تین حصوں میں تقسیم کر کے ان حصوں کا نام ثابت - منقلب اور ذوجسدین رکھا۔ اور پھر بارہ برجوں کو مساویانہ ان تینوں حصوں پر تقسیم کر کے ہر ایک حصہ کو چار۔ چار برج اسطرح عطا کئے۔

۱:- برج ثابت ثور (جیٹھ) اسد (بھادوں) عقرب (اگھن) دلو (پھاگن)

۲:- برج منقلب حمل (بیساکھ) سرطان (ساون) جدی (ماگھ) میزان (کارتک)

۳:- برج ذوجسدین جوزا (اساڑھ) سنبلہ (کنوار) قوس (پوس) حوت (چیت)

تشریح

برج ثابت:- اس امر پر عاملین کا متفقہ فیصلہ ہے کہ جب آفتاب برج ثابت میں ہو تو اس وقت کشائش رزق۔ حصول دولت۔ ترقی عزوجاہ اور ایسے ہی بہتر کاموں میں سعی کرنا بہتر ہے۔

برج منقلب:- اسی طرح سے جب آفتاب برج منقلب کی تفریح کر رہا ہو تو اس وقت مقہوری دشمن اور نفاق وغیرہ کے وظائف بہتر ہوں گے۔

برج ذوجسدین:- اور جب آفتاب برج ذوجسدین میں قیام پذیر ہو تو یہ زمانہ حب اور تسخیر مطلوب کے لئے بہتر ہے۔

تین زمانوں کی تشریح کرنے کے بعد غالباً اس قدر لکھنا کافی ہوگا کہ بخورات وغیرہ کے ساتھ ساتھ ان ہر سہ زمانہ کا لحاظ رکھنا از حد ضروری ہے۔

تذکرہ رجال الغیب

نقشہ مندرجہ ذیل کو عام طور لوگ چہل کہتے ہیں اور اسی کو نقشہ رجال الغیب کہا جاتا ہے اور اسکا..

تذکرہ زمانۂ قدیم سے چلا آتا ہے مشہور ہے کہ جس تاریخ کو جہل سامنے ہوں اسطرف کا سفر کرنا یا اس رُخ پر بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر کوئی کار جدید کرنا اچھا نہیں ہوتا۔ بجائے فائدے کے الٹا نقصان ہو جایا کرتا ہے یہ امر اچھی طرح سے واضح کر دیا گیا ہے کہ اس دائرے میں آٹھ جہت ہیں جن کے نام یہ ہیں۔ مشرق۱ ۔ مغرب۲ ۔ جنوب۳ ۔ شمال۴ ۔ اگنی۵ ۔ نیرت۶ ۔ بائب۷ ۔ الیسان۸ ۔ چنانچہ اگنی نیرت ۔ بائب ۔ اور الیسان کا نقشہ اس صورت سے ذہن نشین کرنا چاہیئے

اگنی نام ہے ایک سمت کا جو بگوشہ جنوب و مشرق واقع ہے ۔ نیرت نام ہے ایک سمت کا جو بگوشہ مغرب و جنوب واقع ہے ۔ بائب نام ہے ایک سمت کا جو بگوشہ مغرب و شمال واقع ہے ۔ الیسان نام ہے ایک سمت کا جو بگوشہ شمال و مشرق واقع ہے کن کن تاریخوں میں جہل کسطرف رہتے یہ آپکو نقشہ ذیل سے معلوم ہوگا۔

نقشہ رجال الغیب

مشرق

شمال		جنوب
الیسان ۶ ۲۱ - ۲۸	۷ - ۱۴ ۲۲ - ۲۹	اگنی ۱ ۹ - ۱۶ ۲۴
۸ - ۱۵ ۲۳ - ۳۰	مقام مسکن	۳ - ۱۰ ۱۷ - ۲۶
۵ - ۳۱ ۲۰ بائب	۴ - ۱۲ ۱۹ - ۲۷	۲ - ۱۱ ۱۸ - ۲۵ نیرت

مغرب

حروف اور ستارے

شائقین عملیات کی آگاہی کیلئے حروف اور ستاروں کے باہمی تعلقات کا تذکرہ کرنا بھی غیر مناسب نہ ہوگا اس لئے کہ جب تک

کسی مشین کے ہر ہر پرزے اپنی جگہ پر صحیح حالت میں فِٹ نہ کیئے جائیں گے اسوقت تک اس مشین کا اپنی جگہ پر حرکت میں آنا امر محال ہی نہیں بلکہ غیر ممکن ہوگا۔ مثال کے طور پر آپ ایک گھڑی کو لے لیں کہ اسکی کمانی ٹوٹ گئی ہے تو جب تک اسی سائیز کی صحیح دوسری کمانی اس میں نہ لگائی جائیگی اسوقت تک وہ گھڑی چل ہی نہیں سکتی اور اس کے سارے پرزے بیکار ہو کر اسی طرح پڑے رہیں گے بعینہ یہی حالت نقوش کے لکھنے اور وظیفہ خوانی میں پیش آتی ہے، عامل کیلئے ضروری ہے کہ جب اکو نقش بھرنا ہو تو سب سے پہلے صاحب ضرورت کا اسم حرف دیکھے پھر اس کے ستارے کی خاصیت دیکھے بعدہٗ اور باتوں کا خیال کرے۔ مثلاً اگر اسم حرف آتشی ہے اور ستارہ بھی آتش مزاج ہے اور اسی حرف سے جیسا کہ ذیل میں تذکرہ کیا جارہا ہے تعلق رکھتا ہے اور بقیہ اور باتیں بھی مناسبت اختیار کر رہی ہیں اور طالب کے ساتھ ساتھ مطلوب بھی اسی وزن پر پورا اترتا چلا آرہا ہے تو پھر کیا کہنا نشانہ خطا نہ کریگا اسلئے ضروری ہے کہ حروف اور ستاروں کا تعلق باہمی بھی ظاہر کر دیا جائے تاکہ ناواقفکار حضرات زحمت میں مبتلا نہ ہونے پائیں اور کتاب میں ایک نئی بات کا اضافہ بھی ہو جائے اس لئے کہ مؤلف کی یہ بلیغ کوشش رہی ہے کہ کتاب اپنی جگہ پر ایک ایسے گلدستہ کی صورت اختیار کر جائے جسکے حاصل کرنیکی تمنا ہر ایک کو ہو۔ حروف اور ستاروں کا باہمی تعلق ملاحظہ فرمایئے۔

نام سیارہ	حروف متعلقہ
زحل :-	ا - ب - ج - د سے تعلق رکھتا ہے
مشتری :-	ہ - و - ز - ح سے تعلق رکھتا ہے
مریخ :-	ط - ی - ک - ل سے تعلق رکھتا ہے
قمر :-	ذ - ض - ظ - غ سے تعلق رکھتا ہے
زہرہ :-	ف - ص - ق - ر سے تعلق رکھتا ہے
عطارد :-	ش - ت - خ - ث سے تعلق رکھتا ہے
شمس :-	م - ن - س - ع سے تعلق رکھتا ہے

اقسام حروف تہجی

واضح ہو کہ حروف تہجی جو کل ۲۸ ہیں عاملین نے انسے چار حصّوں میں تقسیم کیا ہے جس تشریح حسب ذیل ہے

جیسا کہ صفحہ ۲۳ پر حروف اور ستاروں کے بیان میں اس امر پر روشنی ڈالی جاچکی ہے کہ ہنگام وظیفہ خوانی یا تحریر کرنے نقوش مزاج سیارگان و طالب و مطلوب کے سر اسم کی خاصیت سے حاصل کرنا ضروری ہے (صفحہ مذکور ملاحظہ فرمایئے) چنانچہ اس ضمن میں جبتک آپ حروف تہجی کے اقسام سے واقف نہ ہوں گے آپکا ہر عمل ناقص رہے گا لہذا ابجد آگاہی اس اصول کو حفظ کرنے کی کوشش کیجئے۔

تفصیل حروف آتشی جو مشرقی ہیں۔

ا ۔ ھ ۔ ط ۔م ۔ ف ۔ ش ۔ ذ = جملہ، عدد

تفصیل حروف خاکی جو جنوبی ہیں۔

ب ۔ و ۔ ی ۔ ن ۔ص ۔ ت ۔ ض = جملہ، عدد

تفصیل حروف بادی جو غربی ہیں۔

ج ۔ ز ۔ ک ۔ س ۔ ق ۔ ث ۔ ظ = جملہ، عدد

تفصیل حروف آبی جو شمالی ہیں =

د ۔ ح ۔ ل ۔ ع ۔ ر ۔ خ ۔ غ = جملہ، عدد

حروف اور موکلان

یہ امر بھی پوشیدہ نہ رہے کہ جس طرح سے حروف کے خواص مندرجہ بالا سطور میں تحریر کرکے انکی سمتیں بھی ظاہر کردی گئی ہیں نیز ادر لکاتِ حروف سے شائقین موقع بہ موقع روشناس کرائے جاچکے ہیں وہاں حروف اور موکلان کے تعلقات سے بھی آگاہ ہونا اشد ضروری ہے اس باب میں جاننا چاہیئے کہ موکلان کی صحیح تعداد سے بجز خلاق عالم کے یا جسکو اس نے مناسب سمجھا آجتک کوئی واقف نہیں ہے۔ یہاں پر چونکہ بیان حروف تہجی... (جنکی تعداد کل ۲۸ ہے) کا کیا جارہا ہے لہذا اسی قدر موکل کے اسماء بھی معہ حروف کے جن سے وہ وابستہ ہیں ظاہر کیا جارہا ہے۔ لہذا آپ حروف معہ اسماء موکلان صفحہ نمبر ۲۴ پر ملاحظہ فرمایئں۔ اور اس کو بھی حفظ کرنے کی کوشش کریں کہ یہ ایک بہت ضروری حصّہ ہے۔

دائرہ حروف معہ مؤکل

ا اسرافیل	ب جبرائیل	ت عزرائیل	ث میکائیل	ج کلکائیل	ح تنکفیل	خ مہکائیل
د دردائیل	ذ اہرائیل	ر امواکیل	ز سرفائیل	س ہمواکیل	ش ہمزائیل	ص ہجمائیل
ض عطکائیل	ط اسمائیل	ظ لوزائیل	ع لومائیل	غ لوخائیل	ف سرحمائیل	ق عطرائیل
ک حروزائیل	ل طاطائیل	م روحائیل	ن حولائیل	و رفتمائیل	ہ ددریائیل	ی سرکتائیل

تذکرہ دھوپ گھڑی

حالانکہ اس باب میں کچھ نہ کچھ لکھنے کی ضرورت اس وجہ سے محسوس کیجاتی ہے کہ موجودہ دور میں بھی جب کہ سائینسی ایجادات نے اپنی مقبولیت کی بناء پر ایک عظیم شہرت حاصل کرلی ہے اور طرح طرح کی مشینی گھڑیوں کے نزدیک اس پرانے زمانے کی گھڑی کی کوئی... ضرورت باقی نہیں رہی لیکن اب بھی کچھ مقامات ایسے ضرور ہیں جہاں ہر کس دناکس کے پاس مشینی گھڑیوں کی کمی ضرور محسوس کیجارہی ہے لہذا ایسے مقامات کیلئے یہ پرانا طریقہ بیکار ثابت نہ ہوگا۔ اس گھڑی سے ساعت دریافت کرنے کا ایک نقشے کی صورت میں صفحہ ۲۵ پر تحریر کیا جاتا ہے اس طریقہ دریافتگی وقت پر تمام عاملین متفق ہیں۔ جاننا چاہیے کہ ساعت گھنٹے کو کہتے ہیں۔ اگر رات و دن برابر ہیں تو ۱۲ ساعتیں دن میں اور ۱۲ ساعتیں رات میں ہوتی ہیں اور ہر ستارے کا قیام ایک گھنٹہ کا ہوتا ہے۔ اور جب دن رات میں فرق پیدا ہوجائے تو صحیح ساعت ستارہ دریافت کرنیکے لئے آپکو سالِ رواں کی تقویم کی ضرورت یقینی پیش آئیگی لہذا ایسی حالت میں سال رواں کی ایک مستند تقویم کا آپ کے پاس رہنا از حد ضروری ہے

جب آفتاب نکلے تو ایک لکڑی بارہ انگل کی لے کر ہموار زمین پر روبروِ آفتاب کے کھڑی کر کے سایہ کو دیکھ کر نقشہ ذیل سے ساعت معلوم کرے ۔

حصۂ اوّل صبح			حصۂ دوم میانہ روز		
۱	۴۰ انگل	۳۰ ساعت	۱	۶-انگل	۷-ساعت
۲	۲	۲	۲	۱۰	۸
۳	۱۸	۳	۳	۸	۸
۴	۱۲	۴	۴	۲۰	۱۸
۵	۸	۵	۵	۳۶	۱۱
۶	۴	۶	۶	۴۰	۱۲

رنگ اور حروف معہ تعلقات

جاننا چاہیئے کہ حروف خاکی کا رنگ زرد اور بادی کا رنگ نیلا ۔ آتشی کا رنگ سرخ اور آبی کا رنگ سفید ہے ۔ حروف آتشی حرارتِ عشق پیدا کرنے ۔ غیض و غصہ ، قتل و خونریزی وغیرہ کے اثرات رکھتے ہیں ۔ حروف بادی ۔ ذہن کی ترقی ۔ حافظہ کی زیادتی خوش کلامی اور نکتہ سنجی کا اثر رکھتے ہیں ۔ حروف آبی حرارت کو رفع کرنے اور آتشِ عشق کو ٹھنڈا کرنیکے تاثیرات کے مالک ہیں ۔ حروف خاکی زمین کے معاملات سے تعلق رکھتے ہیں مثلاً زراعت ۔ دفینہ اور قوتِ جسمانی وغیرہ وغیرہ ۔ علاوہ ازایں ان ۲۸ حروف تہجی کی قسمیں چھ ہیں ۔ حروف نورانی :- ر - ا - ل - ک - ہ - ی - ع - ص - ط - س - ح - م -
حروف طلسماتی :- ب - ج - د - ذ - ق - ف - ت - ث - ز - غ - ض - ظ ——
حروف ناطقہ :- ب - ت - ث - ج - خ - ز - ذ - ش - ض - ظ - غ - ف - ن - ی - ق -
حروف صوائتہ ۔ ا - ح - د - ر - س - ص - ط - ع - ک - ل - م - و - ہ - بیّنات :- ا - د - د - ی - ل - م - ن - ف ۔ حروفِ خواتیم :- ا - ف - ق - ک - ل - م - ن - و - ہ - ی ہیں لہذا بروقت عملخوانی

یا تحریر نقوش رنگ و مزاجی کیفیت کا بھی خیال کرنا چاہیئے۔ اب اسمائے حسنیٰ مع مؤکلات ملاحظہ کیجئے۔

جدول اسمائے حسنیٰ مروجہ بحساب ابجد قمری

موکل	جن	کوکب	منازل	بروج	بخور	طبائع	تاریخ	تعداد ورد	خاصیت	معنی	اعداد	اسمائے مبارکہ	حروف تہجی
اسرافیل	مذہیوش	زحل	شرطین	حمل	عود سیاہ	گرم	سوموت	١٠٠	جلالی	خدا	٦٦	اللہ	ا
جبرائیل	رودوش	مشتری	بطین	جوزا	عنبر	رطب	بڑھپت	١٠٠	جمالی	ہمیشہ رہنے والا	١١٣	باقی	ب
کلکائیل	زولوش	مریخ	ثریا	سرطان	عودی دارچینی	یابس	بڑھپت	٢٠٠	مشترکی	جمع کرنے والا	١١٤	جامع	ج
دردائیل	برہ لیش	شمس	مقدم	ثور	لونگ صندل سفید	گرم بارد	عادوت	٤٢	جلالی	سزا و جزا دینے والا	٦٥	دیّان	د
دوریائیل	،،	زہرہ	،،	حمل	،،	گرم	عادوت	١٠٠	جمالی	راہ دکھانے والا	٢٠	ہادی	ہ
اہرائیل	بیوہ بیش	عطارد	،،	جوزا	کافور	رطب	بڑھپت	٢٠٠	،،	مدد گار	٤٦	ولی	و
سرکتائیل	،،	قمر	ذراع	سرطان	شہد	خشک	،،	٤١	مشترکی	پاکیزہ خصلت والا	٣٧	زکی	ز
تنکفیل	کاویش	زحل	نثرہ	جدی	زعفران	تر	بدھن	٣٠٠	،،	ثابت و برقرار	١٠٨	حق	ح
تنکفیل	منجبش	مشتری	طرف	حمل	مشک	گرم	شنیچرن	٤٢	جلالی	پاکیزہ ہونے والا	٢١٥	طاہر	ط
اسمائیل	ہدلوش	مریخ	اصغیہ	میزان	گل سرخ	تر	[illegible]	١٠٠٠	جمالی	بزرگ	١٣٠	یٰسین	ی
سرکاکائیل	سہوبش	شمس	زبرہ	عقرب	عنبر سفید	خشک	بڑھپت	٣٠٠	،،	کفایت کرنے والا	١١١	کافی	ک
ترودائیل	قہاوش	زہرہ	خرت	ثور	عنبر پودینہ	بارد	عادوان	٤٢	،،	باریک بین	١٢٩	لطیف	ل
لوحائیل	عمالوش	عطارد	عواء	اسد	آبی	گرم	بڑھپت	٩٠	جلالی	بادشاہ حقیقی	٩٠	ملک	م
عولائیل	کیسوش	قمر	سماک	میزان	سنبل	تر	بدھن	٤٢	،،	روشن کرنے والا	٢٥٦	نور	ن

س	سمیع	۱۸۰	سننے والا	مشترک	۵۰۰	عقد شہوت	خشک	خوشبو مرکب	قوس	غفرا	زحل	خیوش	ہموائیل
ع	علی	۱۱۰	بلند مرتبہ	جلالی	۲۰۰	تونگری	سرد	فلفل سفید	سنبلہ	زبانا	مشتری	فیینوس	سمحائیل
ف	فتاح	۴۸۹	کھولنے والا	جمالی	۴۲	عداوت	گرم	جوز	اسد	اکلیل	مریخ	لیطیوس	ہجمائیل
ص	صمد	۱۳۴	بے پرواہ	جلالی	۲۰۰	الفت	تر	لبلبہ	میزان	قلب	شمس	فلاپوس	عطرائیل
ق	قادر	۳۰۵	قدرت والا	مشترک	۳۰۰	عقد شہوت	خشک	ترنج	حوت	شعلہ	زہرہ	شمیوس	" "
ر	رب	۲۰۲	پروردگار	جلالی	۴۲	مودت	سرد	گلاب	سنبلہ	لابد	عطارد	مروش	اسوائیل
ش	شفیع	۴۶۰	شفاعت قبول کرنیوالا	"	۲۰۰	عداوت	گرم	عود سفید	عقرب	بدھ	قمر	تشولیش	ہمرائیل
ت	تواب	۹۰۹	توبہ قبول کرنیوالا	جمالی	۳۰۰	عقد نوم	تر	عنبر	دلو	ذابح	زحل	اہلبوش	عزرائیل
ث	ثابت	۹۰۳	قیوم	جلالی	۴۰۰	بغض	خشک	عود سفید	حوت	سعد بلع	مشتری	طلحوش	میکائیل
خ	خالق	۷۲۱	پیدا کرنیوالا	مشترک	۷۰۰	محبت	سرد	بنفشہ	جدی	سعد السعود	مریخ	ولایوش	مہکائیل
ذ	ذاکر	۹۲۱	یاد کرنیوالا	"	۷۹	بغض	گرم	ریحان	قوس	ماقیہ	شمس	للکایوش	ہرطائیل
ض	ضار	۱۰۰۱	ضرر رساں	جلالی	۴۲	"	"	گل ارغوان	دلو	مقدم	زہرہ	غیالیوش	عطکائیل
ظ	ظاہر	۱۱۰۶	آشکارا	"	۲۵	عداوت	خشک	گل نسرین	حوت	موخر	عطارد	عفویوش	نورائیل
غ	غفور	۱۲۸۶	بخشنے والا	جمالی	۲۰۰	امراض صحت	"	قرنفل	"	رسا	قمر	عفونیوش	نوداشیل

تدارک نحوست سیارگان

ہر مذہب عقیدہ کے نیک اثرات کو تسلیم کرتا ہے اور اس کا قائل ہے۔ جہلا اس کو اثار کہتے ہیں مذہب اسلام نے مصیبت کے روکنے کیلئے صدقہ تجویز کیا ہے۔ حضرت رسول اکرم کا فرمان ہے کہ قضاء کو کوئی چیز نہیں روک سکتی مگر صدقہ اور دعا۔ صدقہ کی ادائیگی کے کئی طریقے ہیں جنکا تذکرہ ترتیب وار کیا جائے گا سب سے پہلے تدارک نحوست سیارگان کا تذکرہ ذریعہ صدقہ لکھا جاتا ہے۔ اس بات کو سب جانتے ہیں کہ ہونے والی بات ہو کر رہتی ہے مگر ہم انکو ایک اچھے طریق پر گذارنے کیلئے اچھائی کیطرف پلٹا سکتے ہیں اور وہ طریقہ یہی صدقہ خیرات کا ہے۔ اکثر حضرات دریافت فرماتے رہتے ہیں کہ سیارگان اور وقت کی نحوست کو دفع کرنے کیلئے کیا کرنا چاہیئے اس لئے یہاں پر اسطریقہ کا اظہار کیا جاتا ہے جسکو عاملین نے ایسے وقت کیلئے مقرر کیا ہے اور چونکہ یہ تجربے میں آچکا ہے کہ یہ تغیر تعیزات سیارگان ہے اسلئے اس سیارے کا متعلقہ صدقہ اور عمل بہترین فائدہ دیگا۔ ذیل کی جدول میں سیارے کے نام کے ساتھ اسم باری تعالیٰ تعداد خواندن بمعیت اسی کی عت میں برائے عمل اور صدقہ بھی دیا گیا ہے۔ لازم ہے کہ پہلے آپ یہ معلوم کریں کہ کس ستارے کی نحوست ہے اس کے بعد اسکی ساعت میں اسکے مطابق عمل کریں اور صدقہ دیں انشاءاللہ نحوست دور ہو جائے گی۔ اسمائے باری تعالیٰ ورد کرنے سے پہلے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا لازم ہے۔ جدول صدقہ صفحہ نمبر ۲۹ پر ملاحظہ فرمائیں۔ علاوہ اس کے عام طور پر صدقہ کی قسمیں دو ۲ ہیں صدقہ معمولی اور صدقہ آسمانی۔ صدقہ معمولی :۔ یہ صدقہ عام طور پر سفر کرنے سے پہلے سفر کرنیوالے کیطرف سے حسب مقدرت جنس یا نقد کیصورت میں یا بیمار پر سے تصدق کر کے فقراء یا مستحقین کو دیا جاتا ہے۔

صدقہ آسمانی :۔ اس صدقہ کو اس وقت دیتے ہیں جب بیمار پر وقت صعب ہوتا ہے تو جیسی حیثیت ہو مسلم بکرا یا گوشت خام منگوا کر مریض پر سے تصدق کر کے اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جانب آسمان اچھال کر آسمان پر اڑتے ہوئے گوشت خور جانوروں کو کھلاتے ہیں اور یہ عمل کم از کم وقت مقررہ پر تین دن تک جاری رہتا ہے۔

گوشوارہ بابتہ زائل ہونے نحوست سیارگان

نام ستارہ	سمت	اسمائے باری تعالےٰ	یومیہ تعداد خواندن	صدقہ دینے کا دن	اشیائے صدقہ بقدر استعداد
زحل	شمال	اللہ - باری - جواد - دائمُ	۴۵۰ بار	ہفتہ	سیاہ اشیاء مثل تیل - ماش - لوہا وغیرہ پارچہ سیاہ میں باندھ کر
شمس	مشرق	مکرّم - نافع - سمیع - علی	۴۰۰ بار	اتوار	سُرخ اشیاء مثل :- سونا - تانبہ - گیہوں وغیرہ پارچہ سُرخ میں باندھ کر
قمر	مغرب	ذاکر - ضامن - ظل - غیاث	۳۴۰ بار	دوشنبہ	سفید اشیاء مثل :- چاندی - آٹا - دودھ وغیرہ پارچہ سفید میں باندھ کر
مریخ	جنوب	طاہر - یحییٰ - کریم - لطیف	۸۵۰ بار	سہ شنبہ	سُرخ اشیاء مثل :- گڑ - مونگا - تانبہ وغیرہ پارچہ سُرخ میں باندھ کر
عطارد	مغرب	شہید - توّاب - ثابت - خبیر	۹۱۴ بار	چہار شنبہ	سبز اشیاء مثل :- مونگ - گھی - مصری - پارچہ سبز میں باندھ کر
مشتری	مشرق	ہادی - وہاب - زراع - حمید	۹۵۰ بار	پنجشنبہ	زرد اشیاء مثل :- سونا - دال نخود - ہلدی - پارچہ زرد میں باندھ کر
زُہرہ	مشرق	فاطر - صابر - قائم - رب	۲۱۷ بار	جمعہ	سفید اشیاء مثل :- پارچہ سفید - دہی - دودھ - ہیرا پارچہ سفید میں باندھ کر

قِراں اور اسکی تشریح

قِراں اور قِران السعدین کی تعریف کرنے سے پہلے شائقین بالخصوص ناواقف حضرات کو جاننا چاہیئے کہ عملیات کی دنیا میں کچھ الفاظ ایسے بھی آجاتے ہیں جنکی تشریح کرنا بسااوقات ضروری ہوجاتی ہے چنانچہ وہی منزل یہاں بھی درپیش ہے اسلئے معلوم ہونا چاہیئے کہ الفاظ کو بمعہ معنی ذہن نشین کرے۔ تثلیث، کامل دوستی۔ تسدیس، نیم دوستی۔ تربیع، نصف دشمنی۔ اور مقابلہ، کامل دشمنی کو کہتے ہیں اور قِراں اس منزل کو کہتے ہیں۔ جب دو ستارے ایک برج میں یکجا ہوں۔ یہ قِراں تین طرح کے ہوتے ہیں جنکی تشریح حسب ذیل ہے۔

۱:۔ قِران السعدین :۔ اس قسم کو کہتے ہیں جب دو نیک ستاروں (مثلاً زہرہ اور مشتری) کا ایک برج میں یکجا ہونا قِرآن السعدین کی تعریف میں آتا ہے۔

۲:۔ ملیح السعدین :۔ یہ قِراں کی دوسری قسم ہے یعنی جب ایک نحس ستارہ (مثلاً زحل اور مشتری) دوسرے سعد ستارے کے ساتھ ایک ہی وقت میں ایک برج میں قیام پذیر ہو تو یہ ملیح السعدین کی تعریف ہوئی۔

۳۔ قِران النحسین :۔ یہ قِراں کی تیسری قسم ہے جو بہت ہی خطرناک ہے یہ اس منزل کو کہتے ہیں جب دو نحس ستارے (مثلاً مریخ اور زحل) بہ یک وقت ایک ہی برج میں یکجا ہوں تو یہ تعریف قِران النحسین ہے۔

لہذا اس تشریح کے بعد اب یہ ضرورت باقی نہیں رہتی کہ ناواقف کاران لیکن شائقین کو مزید ہدایت کی جائے کہ فلاں فلاں منازل میں فلاں فلاں کام ہونا چاہیئے اور فلاں فلاں کام نہ ہونا چاہیئے اس لئے کہ اس تشریح کے بعد آپ خود سمجھ سکتے ہیں کہ کون سی منزل کس امر کیلئے مناسب ہوگی یہاں یہ بات تحریر کرنا غیر مناسب نہ ہوگی کہ اگر باہمی تمام ستارگان سے قِراں ہو تو یہی نام ہوتے ہیں۔ لیکن اگر آفتاب کے ساتھ کوئی دوسرا ستارہ قیام پذیر ہو تو اس کو بجائے قِراں کے احتراق کہیں گے۔ *

---

* نوٹ :۔ اگر آپ اب بھی مزید تشریح کے طالب ہوں تو ہماری دوسری کتاب "اسرار العملیات" منگا کر دیکھئے، جسمیں مؤلف نے اس عنوان پر کافی روشنی ڈالی ہے۔ ناشرین

باب ۲

بابت حصار و نقوش ؛

اسمائے الٰہیہ

بعد تحریر قواعد و ضوابط و چند اصول بابت خواندگی عمل و تحریر کرنے نقوش وغیرہ اب باب دوم کی ابتداء کیجاتی ہے۔ یہ باب چند فصلوں پر منقسم ہے عامل کیلئے بعد آگاہی.. قواعد و ضوابط سب سے پہلے حصار سے واقف ہونا ضروری ہے۔ حصار کس کو کہتے ہیں چنانچہ اس کی مختصر تعریف یہ ہے کہ کسی زبردست طاقت والے سے قلعہ بند ہو کر مقابلہ کرنا یعنی عامل کا اپنے گرد آیاتِ کریمہ پڑھتے ہوئے ایک کنڈلی کے کھینچنے کو حصار کہتے ہیں اور یہ ایک ایسا مستحکم قلعہ ہوتا ہے جسکو زبردست سے زبردست دشمن بھی توڑ نہیں سکتا، عامل اسی کنڈلی کے اندر بیٹھ کر عملخوانی کرتا ہے اور بحکم رب العالمین آیاتِ کریمہ کی برکت سے اپنے سے کئی ہزار گنا روحانی طاقت پر جو آخر وقت تک اپنی آزادی کیخاطر اس سے برسرپیکار رہتی ہے قبضہ کرتا ہے چنانچہ اسی حصار یا قلعہ قائم کرنے کا بیان یہاں کیا جا رہا ہے۔

طریقہ حصار

عامل کو چاہیئے کہ عمل کرنے سے پہلے اس حصار کو جو ہر عمل میں کام آتا ہے حفظ کرے اور اس کا عامل بنے پہلے اسکی زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقۂ ادائگی زکوٰۃ یہ ہے۔ پہلے قطعی طور پر ترک لذات جلالی و جمالی کرے اور پھر چالیس ہزار مرتبہ ایک جلسہ میں پڑھے تب عامل حصار ہوگا۔ پھر جب عملخوانی کرے اور زکوٰۃ دینے کیلئے بیٹھے تو اپنے گرد یہی حصار کرے انشا اللہ اس کو کوئی نقصان نہ پہونچے گا وہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ آگے محمدؐ پیچھے محمدؐ سیدھے ہاتھ کو امام حسنؑ الٹے ہاتھ کو امام حسینؑ کلید داوٗد۔ قفل سلیمان پیغمبرؑ نگہبان پاک ذات لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ یاحافظُ یاحفیظ یاناصر یانصیر یارقیب یاوکیل یااللہ

یا اللہ علیقا میلیقا خالقاً مخلوقاً کافیاً شافعاً مرتضیٰ بہ حق یا بدوح وننزل من القراٰن ماھو شفاء ورحمۃ للمؤمنین ما لا لوسادر ضاتن دد دعوۃ ر د بلیۃ در رجال الغیب بحق حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھلا کھلا ارحم ارحم نزحم عقد تم فرفلیس یا اللہ گو بحق سلیمان بن داؤد علیہما السلام بندشو بندشو بندشو

حصار کا دوسرا طریقہ

حصار درود تنجینا جو ایک بہترین حصار ہے طریقہ اسکا یہ ہے کہ قبل وظیفہ خوانی اول اکیس[۲۱] بار۔۔

اس درود شریف کو پڑھے۔ یہ درود شریف حصار بھی ہے اور دعا بھی اور بعد اتمام وظیفہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور جو کوئی زکوٰۃ اسکی دیگا تو کوئی بلا عامل کے پاس نہ آویگی اور نہ اسکو کسی قسم کا گزند پہونچا سکے گی۔ عامل اس دعا کا جو مطلب رکھتا ہوگا اللہ تعالیٰ پورا کریگا اور عامل کی حفاظت اس درود شریف کے تحت جو فرشتے ہیں کرتے اور وہ یہ ہے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط اور بعد اس درود کے چاروں قل پڑھتا رہے۔ طہارت کا خاص خیال رکھے اگر غفلت برتی تو نقصان اٹھائے گا۔ برآمدگی حاجات کیلئے متعدد مستند عملیات کی کتابوں میں اس درود شریف کے بہترین اوصاف تحریر ہیں۔ ایک کتاب کا عامل بقسم کہتا ہے کہ اگر چالیس[۴۰] تک متواتر ایک جلسہ میں ایکہزار بار یہ درود شریف پڑھا جائے گا تو جس مطلب کیلئے وظیفہ خوانی ہوگی وہ انشاء اللہ ضرور پورا ہوگا۔ اب یہاں سے وہ نقوش تحریر کئے جارہے ہیں جو اسمائے باری تعالیٰ سے متعلق اور ہر درد کی دوا ہیں۔

نقوش از اسمائے باری تعالیٰ

شائقین عملیات پر یہ بات واضح کیجاتی ہے کہ یہ نقوش جو اسمائے باری تعالیٰ کے ہیں بعد محنت

کثیرہ یکجائی طور پر تحریر کئے جارہے ہیں جو ہر ضرورت مند کی مشکلکشائی کیلئے ہر آٹے وقت میں کافی ہیں پھر بھی بخیال سہولت ناواقفکاران مختصر خواص کا تحریر کرنا معہ طریقہ و ضابطہ کار کے مناسب خیال کیا گیا تاکہ بعد میں کوئی دشواری پیش نہ آئے اور ہر کس و ناکس بروقت ضرورت خاطرخواہ فائدہ حاصل کرتا رہے۔

تنبیہ:- اس موقع پر یہ تحریر کرنا بیجا نہ ہوگا کہ اسمائے مبارکہ پروردگار عالم جلالی بھی ہیں اور کچھ جمالی بھی۔ لہذا نقوش تحریر کرنے سے پہلے عامل یا تحریر کنندۂ نقش کو پاک ہونا چاہیئے اس لئے بہتر ہے کہ غسل کرلے اور اس کے بعد وضو کرکے دو رکعت نماز حاجت بجالاوے اس کے بعد مقام پاک صاف پر بخورات سلگا کر پھر حسب قاعدہ نقوش مذکورہ کو تحریر کرے۔

۱:- یہ نقش **یَا اَللّٰہُ** کا ہے۔ یہ اسم مبارک بہت بڑے اور لاتعداد خواص کا مالک ہے یہ اسم ذات ہے "معانی" "اے خدا" خاصیت جلالی ہے لہذا بروقت وظیفہ خوانی.. بہت احتیاط رکھے، طبع گرم بخور عود ہے، برج حمل، شرطین ہے بے پناہ ملائک اس پاک نام کے ہمہ وظیفہ خواں ہیں، ستارہ زحل، جن قیوپوش، مؤکل اسرافیل۔ مختصر خاصیت اس اسم پاک کی یہ ہے کہ جو کوئی اس اسم کو بہ خلوص نیت ہزار بار پڑھے گا صاحب یقین ہوگا اور جو کوئی.. بعد نماز پنجگانہ کے سو بار پڑھے گا باطن اس کا کشادہ ہوگا اور جب کوئی حاجت درپیش ہو تو اس وقت اس اسم پاک کی، ایک نشست سے بہ یک زانو ہزار بار وظیفہ خوانی کرے اس کی حاجت اللہ تعالیٰ پوری کریگا اور جو کوئی بلا وجہ کسی مقدمہ میں ماخوذ ہو بروز پنجشنبہ دو رکعت نماز پڑھ کر ستر بار اس پاک نام کی وظیفہ خوانی کرے نجات پاوے۔ امراض وبائی یا وہ مکان جو اجنہ یا ارواح خبیثہ کی وجہ سے مخدوش ہو گیا ہو نقش ہذا کو بصد احترام لکھ کر اندرونی دیوار میں چہار طرف دفتی پر چپاں کرکے لٹکا دیوے اس نام کی برکت سے سارے خطرات دور ہو جائیں گے۔

۷۸۶

یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ

۲:- یہ نقش مبارکہ اسمائے پروردگار عالم میں سے ایک اسم **یَا قُدُّوسُ** کا ہے یہ اسم

مشترک ہے ستارہ زُہرہ ہے۔ یعنی اس اسم پاک کے "پاکُ منزا ہر عیب سے" بعضے جمالی کہتے ہیں بے شمار خواص اس اسم پاک سے وابستہ ہیں منجملہ ان کے کسی کی زوجہ کو حمل ہو تو بعد ظاہر ہونے حمل کے بچہ پیدا ہونیکے دن تک ہر روز اکتالیس ۴۱ بار یَاقُدُّوْسُ پانی پر دم کرکے پلائے تو بچہ بہت با اخلاق و پاک باطن اور والدین کا فرمانبردار ہوگا اور یہ نقش عددی لکھکر زن حاملہ کے گلےمیں ڈالے اسقاط سے حمل محفوظ رہے گا۔ اور تین ۳۰۰ سو بار شیرنی پر پڑھکر دم کرکے دشمن کو کھلاوے دشمن مہربان ہوگا اور اگر مسافر راہ میں مداومت کریگا کبھی تکان سفر سے دوچار نہ ہوگا۔ لکھکر بازو پر جو کوئی باندھے گا اور روزانہ خوشبو سے معطر کرتا رہے گا کبھی تنگ دست نہ ہوگا۔

٧٨٦

۴۵	۴۸	۵۱	۳۸
۵۰	۳۹	۴۴	۴۹
۴۰	۵۳	۴۶	۴۳
۴۷	۴۲	۴۱	۵۲

۳:۔ یہ نقش مبارکہ یَاسَلَامُ کا ہے اور یہ اسم بھی خلّاق عالم کا ایک مبارک نام ہے، معنی "سلامت۔ بے عیب" جمالی ہے ستارہ عطارد اس اسم پاک سے متعلق ہے۔ جو کوئی اس اسم پاک کو گیارہ سو بار پڑھکر بہ اعتقاد راسخ دم کرے اور اکیس ۲۱ روز تک اس نقش عددی کو چینی کی طشتری پر زعفران اور گلاب کے محلول سے لکھکر مریض کو پلاوے۔ مریض انشاء اللہ تعالیٰ شفا پاوے اور جو کوئی بلاناغہ اپنی تمام زندگی بعد نماز عشاء اس نقش کو سامنے رکھتے ہوئے ایکہزار بار اس اسم کی وظیفہ خوانی کرے گا مرتے مرتے اندھا، اپاہج، عاجز اور لاچار نہ ہوگا۔

٧٨٦

۳۵	۳۸	۴۱	۲۸
۴۰	۲۹	۳۴	۳۹
۳۰	۴۳	۳۶	۳۳
۳۷	۳۲	۳۱	۴۲

۴:۔ یہ نقش پاک اسم مبارک خلاق عالم "یَامُؤْمِنُ" کا ہے یعنی "امن دینے والا"۔ جمالی ہے۔ اس اسم پاک کے عامل پر راز ہائے کثیرہ وقتاً فوقتاً روشن ہوتے رہتے ہیں

مختصر یہ کہ جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے اور اس نقش کو اصولی طور پر لکھکر اپنے بازو پر باندھے اس پر دشمن کبھی غالب نہ ہو سکیگا اور وہ حق تعالیٰ کی اماں میں رہے گا اور جو عورت بعد کسی نماز کے ایکہزار بار اس اسم پاک کی تلاوت کیا کرے اور اکیس ۲۱ روز تک اس نقش کو چینی کی رکابی پر گلاب اور زعفران کے محلول سے لکھکر شوہر بدمزاج اور بد اطوار کو پلاوے بگڑا ہوا شوہر راہ راست پر آجاوے۔ اور یہی عمل زوجہ زبان دراز کو قابو میں کرنے کا ہے۔

۷۸۶

۳۶	۳۹	۴۳	۲۹
۴۲	۳۰	۳۵	۴۰
۳۱	۴۵	۳۷	۳۴
۳۸	۳۳	۳۲	۴۴

۵:- یا مہیمن - یہ اسم پاک بھی خلاقِ عالم کا ہے چنانچہ یہ اسم مبارک بھی اسی نقشِ پاک سے متعلق ہے۔ بمعنی "نگہبان" کے ہیں اسم پاک جمالی ہے ستارہ عطارد حلقہ بگوش ہے اگر کوئی شخص تمام زندگی اس اسم پاک کی لاتعداد وظیفہ خوانی کرے تمام آفات سے بچا رہے اور بعد مردن داخل بہشت ہو اور جو کوئی اس اسم مبارک کا عامل ہے یعنی ہمیشہ ہر روز غسل کرکے ایکہزار ایکسو پندرہ بار اس اسم کی وظیفہ خوانی کریگا کسی طرح کا گزند مخصوص غرقیدگی آب و آتشزدگی سے بپناہِ خداوند عالم میں رہیگا۔

۷۸۶

۳۸	۴۲	۴۵	۳۱
۴۴	۳۲	۳۷	۴۳
۳۳	۴۷	۴۰	۳۶
۴۱	۳۵	۳۴	۴۶

۶:- یا عزیزُ یہ اسم مبارک بھی باری تعالیٰ کا ہے، معنی اس اسم کے اِے عزت دینے والے کے ہیں۔ یہ اسم پاک جلالی ہے ستارہ مشتری اس اسم پاک کا حلقہ بگوش ہے اس اسم پاک کو روزانہ بعد نماز فجر اس نقش کو سامنے رکھکر دیکھتے ہوئے بہ رجوع قلب اکتالیس بار جو کوئی پڑھیگا انشاء اللہ تعالیٰ کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا اسکی ساری جائز ضروریات بغیب سے پوری ہوتی رہیں گی البتہ ناجائز کی

۷۸۶

۲۶	۲۹	۳۲	۱۸
۳۱	۱۹	۲۵	۳۰
۲۰	۳۴	۲۷	۲۴
۲۸	۲۳	۲۱	۳۳

خواہش نہ کرے ورنہ پھر کچھ بھی ہاتھ نہ آئے گا وظیفہ خوانی کی صورت میں ترکِ حیوانات لازمی ہے دلکافر در کرے

۷:- یَاجَبَّارُ - یہ اسم پاک بھی پروردگار عالم کا ہے معنی اس اسم مبارکہ کے زبردست بیز بگڑے ہوئے کاموں کے درست کرنیوالے - یہ اسم پاک جلالی ہے ستیارہ مریخ اس اسم مبارک کے حلقہ اطاعت میں ہے - خاصیت اس اسم مبارکہ کی بہت ہیں مختصر یہ کہ جو کوئی بعد سبحات عشر کے اکیس ۲۱ بار اس اسم کو پڑھے ظالموں کے شر سے محفوظ رہے اور اگر نگینہ پر کندہ کرا کر پہنے صاحب ہیبت ہو - نیز جو بیمار لاغر ہو گیا ہو یا جو بچہ سوکھے کے یا کسی اور طریقے پر جس کے اسباب سمجھ میں نہ آتے ہوں مرض میں مبتلا ہو کر محض پوست و استخوان ہو کر رہ گیا ہو تو اس نقش مبارکہ کو چالیس ۴۰ روز تک روزانہ گلاب اور زعفران سے چینی کی رکابی پر لکھ کر ایسے شخص کو پلائے یا شہد خالص پر اس اسم پاک کو سوا لاکھ مرتبہ دم کر کے ایسے مریض کو چٹائے اگر مرض الموت نہیں ہے تو یہ یقین کامل رکھے کہ انشاء اللہ مریض کو یقینی شفا ہو گی

۷۸۶

۵۴	۵۷	۶۰	۴۶
۵۹	۴۷	۵۳	۵۸
۴۸	۶۲	۵۵	۵۲
۵۶	۵۱	۴۹	۶۱

۸:- یَامُتَکَبِّرُ - یہ اسم پاک ۹۹ نام اسمائے باری تعالیٰ میں سے ایک ہے معنی اس اسم پاک کے "بہت بزرگ" ہیں - اسم پاک جلالی اور صفاتِ کثیرہ کا مالک ہے جس شخص کو بدخوابی کی شکایت ہو یا سوتے وقت کسی سے ڈرتا ہو سونے سے پہلے اکیس ۲۱ بار اس اسم کو پڑھ لیا کرے دونوں شکایتیں دور ہو جائیں گی - نقش ہذا کو لکھ کر مکان کے اندرونی حصہ میں لگائے ارواح خبیثہ کا گذر نہ ہو گا - طفل نوزائیدہ کے گلے میں ڈالے ام الصبیان سے محفوظ رہے گا - بستر حلال پر قبل ہمبستری دس ۱۰ بار برجوع قلب بخیال عبادت و افزائش نسل پڑھ کر زوجہ منکوحہ سے ہمبستر ہو خلاق عالم فرزند صالح عطا کرے گا -

۷۸۶

۱۶۸	۱۷۱	۱۷۴	۱۶۰
۱۷۳	۱۶۱	۱۶۷	۱۷۲
۱۶۲	۱۷۶	۱۶۹	۱۶۶
۱۷۰	۱۶۵	۱۶۳	۱۷۵

۹:- یَاخَالِقُ - یہ اسم پاک بھی اسی رب العزت کا ہے معنی اس کے ہیں "پیدا کرنے والے حکمت کے ساتھ" یہ اسم پاک جلالی ہے تاثیر اس اسم پاک کی مختصراً یہ ہے کہ جو عورت بانجھ ہو

روزہ رکھے اور بوقت افطار افطار کرنے سے پہلے اکیس ۲۱ بار اس اسم پاک کی تلاوۃ اپنے مقصد کو روبرو رکھتے ہوئے کرے اور نقش ہذا کی ایک طشتری کسی واقفکار عملیات سے زعفرانی محلول سے لکھوا کر اسی پانی اور رطب سے روزہ افطار کرے پھر شوہر سے مقاربت حاصل کرے پانچ جمعرات عمل کرے انشاء اللہ نعمت اولاد میسر ہو

۷۸۶

۱۸۵	۱۸۸	۱۹۱	۱۷۸
۱۹۰	۱۷۹	۱۸۴	۱۸۹
۱۸۰	۱۹۳	۱۸۶	۱۸۳
۱۸۷	۱۸۲	۱۸۱	۱۹۲

۱۰:- یَا بَارِئُ بمعنی بے مانند پیدا کرنے والا یہ اسم بھی خلاق عالم کا ہے۔ جمالی ہے بعضے جلالی بتلاتے ہیں۔ تاثیر اس عظیم الشان اسم پاک کی یہ ہے کہ جو طبیب اس پاک نام کی وظیفہ خوانی کرتا رہے گا جس مریض کا علاج کریگا نافع ہوگا اور مخلوق میں باعزت ہوگا اور جو کوئی زندگی میں نماز جمعہ کو ترک نہ کرے اور ہر جمعہ کو ایکسو ستر بار اس مبارک نام کی تلاوۃ کرے تو حق تعالے اس کو دفن ہونے کے بعد ریاض القدس کیطرف اٹھالے گا۔ اس نقش کو بصورت تعویذ لکھکر بازو پر باندھے تمام مشکلیں آسان ہوں اعتقاد شرط ہے۔

۷۸۶

۵۵	۵۹	۶۲	۴۸
۶۱	۴۹	۵۴	۶۰
۵۰	۶۴	۵۷	۵۳
۵۸	۵۲	۵۱	۶۳

۱۱:- یَا مُصَوِّرُ ۔ بمعنی صورت بنانے والا۔ یہ اسم پاک جلالی ہے بعضے مشترک بتلاتے ہیں خواص اس اسم پاک کے بے انتہا ہیں جنکا ضبط تحریر میں لانا امر ناممکن ہے مختصر یہ کہ جو عورت بانجھ ہو تو اسکو چاہیئے کہ اس اسم کی مداومت کرے اور اکیس طشتریاں ایک طشتری چینی روزانہ کے حساب سے لکھکر اکیس ۲۱ روز تک بلاناغہ پیتی رہے اگر اس کا شوہر یا وہ خود کسی بیماری میں مبتلا نہیں ہے تو نعمت اولاد سے مالامال ہوگی۔

۷۸۶

۸۶	۸۹	۹۳	۷۹
۹۲	۸۰	۸۵	۹۰
۸۱	۹۵	۸۷	۸۴
۸۸	۸۳	۸۲	۹۴

۱۲:- یَا غَفَّارُ ۔ بمعنی اپنے بندوں کے گناہ معاف کرنے والے۔ یہ اسم پاک بھی رب العالمین

کا ہے جمالی ہے لیکن بعضے جلالی بھی بتاتے ہیں۔ اولاً جو کوئی طہارت ظاہری و باطنی کا پابند ہوتے ہوئے اس نقش کو اپنے پاس رکھے گا گناہوں سے بچا رہے گا۔ ثانیاً اگر کسی سے کسی قسم کی مقدمہ بازی چھڑ گئی ہو اور ایک فریق صلح کا جویا ہو لیکن دوسرا فریق نہ مانتا ہو تو بعد نماز ظہر تین ہزار ۵۵ بار اس اسم کی وظیفہ خوانی کرے انشاءاللہ مراد دلی بر آئیگی لیکن خلوص سے کرے تصنع نہ ہو۔

۷۸۶

۳۱۵	۳۲۹	۳۲۶	۳۲۲
۳۲۷	۳۲۱	۳۱۶	۳۲۸
۳۲۰	۳۲۴	۳۳۱	۳۱۷
۳۳۰	۳۱۸	۳۱۹	۳۲۵

۱۳:- یا قہار۔ اس اسم پاک ذاتِ الٰہی سے ہے یعنی یہ اسم بھی پروردگار عالم کا ہے معنی اس اسم پاک کے ہیں "اے غالب سب پر" یہ اسم پاک جلالی ہے مختصر تاثیر اس اسم پاک کے وظیفہ خوانی کی یہ ہے کہ جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ محبت دنیا اس کے دل سے محو کر دیتا ہے اور اسکا انجام بخیر ہوتا ہے اور جب کوئی مہم درپیش ہو تو سو بار پڑھے آسان ہو اور جو اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے دشمن پر غالب ہو۔ نقش یہ ہے.....؟

۷۸۶

۷۱	۸۵	۸۲	۷۹
۸۳	۷۸	۷۲	۸۴
۷۷	۸۰	۸۷	۷۳
۸۶	۷۴	۷۶	۸۱

۱۴:- یا وہاب۔ یعنی اے بہت دینے والے یہ اسم پاک ذات باری تعالیٰ جمالی ہے۔ مختصر تاثیر یہ ہے کہ نقش ہذا کو لکھ کر اپنے روبرو رکھے اور بعد نماز عشاء لاتعداد مرتبہ پڑھے چند روز بھی گزرنے نہ پائیں گے کہ صاحبِ وظیفہ غنی ہو جائے گا محتاجی جاتی رہیگی یا کسی شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو تو آدھی رات کے وقت جبکہ سارے گھر والے سو گئے ہوں اٹھ کر بعد کرنے وضو صحن خانہ میں دو رکعت نماز حاجت بجا لاوے پھر سجدہ شکر میں جا کر سو بار یا وہاب کہے ایک چلہ کے اندر حاجت بر آئیگی

۷۸۶

و ۶	ھ ۵	ا ۱	ب ۲
ا	ب	و	ھ
ب	ا	ھ	و
ھ	و	ب	ا

یہ عمل مع طریقہ ورد مؤلف کا خاندانی ہے اور مؤلف کی بڑی مشکلوں میں کام آیا ہے۔

۱۵:۔ یا رَزّاقُ۔ یہ اسم مبارکہ پروردگار عالم کا ہے اور جمالی ہے معنی اس کے ہیں "اے روزی دینے والے" مختصر تاثیر اس اسم پاک کی یہ ہے کہ مکان کے اندر طہارت کے ساتھ نقش ہذا کو آویزاں کرے اور روزانہ صبح بعد نماز فجر اس اسم پاک کو ۱۰۰ بار پڑھ کر چاروں کونوں پر مکان کے اندر جانب پڑھ کر پھونک دیا کرے اور یہ عمل دائیں سمت سے شروع کرے انشاء اللہ اس گھر سے مفلسی رخصت ہو ہو جائے گی اور روزی کی فراوانی ہوگی۔

۷۸۶

۷۹	۸۲	۸۶	۷۲
۸۵	۷۳	۷۸	۸۳
۷۴	۸۸	۸۰	۷۷
۸۱	۷۶	۷۵	۸۷

۱۶:۔ یا فَتّاحُ۔ پروردگار عالم کے اس مبارک نام کے معنی ہیں "اے رحمت کا دروازہ کھولنے والے" اسم مبارکہ جمالی ہے لیکن بعضے جلالی بتاتے ہیں۔ مختصر تاثیر اس اسم پاک کی یہ ہے کہ جو کوئی اس اسم مبارکہ کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے کبھی محتاج نہ ہو اور جو اس اسم پاک کا وظیفہ بلاناغہ کیا کرے زنگ کفر اس کے دل سے دور ہو اور اگر اس مبارک نام کا ورد کرنیوالا کسی مصیبت زدہ کو دیکھے گا حتی المقدور اسکی خدمت کرکے ثواب عظیم حاصل کریگا" اگر کوئی شخص دشمن کی قید یا محکمہ متعلقہ کے ذریعہ کسی مقدمہ میں ناحق پھنس گیا ہو تو اس کے متعلقین اکیس ۲۱ ہزار مرتبہ سات دن تک برابر اس اسم مبارک کو پڑھیں انشاء اللہ ایسا شخص قید سے جلد رہائی پائیگا یا مقدمہ سے گلوخلاصی ہو گی۔

۷۸۶

۱۲۴	۱۲۸	۱۳۱	۱۱۷
۱۳۰	۱۱۸	۱۲۳	۱۲۹
۱۱۹	۱۳۳	۱۲۶	۱۲۲
۱۲۷	۱۲۱	۱۲۰	۱۳۲

۱۷:۔ یا عَلِیْمُ۔ پالنے والے کا مبارک نام یہ بھی ہے۔ معنی اس اسم پاک کے "جاننے والا ظاہر و پوشیدہ کا" یہ اسم پاک جمالی ہے۔ بعضے مشترک بھی بتاتے ہیں۔ خاصیتیں بڑی ارفع و اعلیٰ ہیں۔ مختصر یہ کہ اگر کوئی طالب علم اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے علمی مدارج بڑی آسانی سے طے کرے اور جس کسی کو استخارہ کے طور پر کسی بات کے نیک و بد انجام

۷۸۶

۶۹	۸	۴۲	۳۱
۴۳	ل	ع	۷
۲۹	م	ی	۷۱
۹	۷۲	۲۸	۴۱

سے آگاہی حاصل کرنا ہے تو جمعہ کی شب کو عشاء کی نماز کے بعد سجدے میں جا کر یا علیمُ بکثرت کہے اور اسی حالت میں خود پر نیند طاری کرلے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اسی رات کو پورا پورا حال معلوم ہو جائے گا......

۱۸:- یَا قَابِضُ - یعنی "اے قبض کرنیوالے" یہ اسم پاک اسی احکم الحاکمین کا ہے جو تمام عالموں کا رب ہے، اور جس کے قبضۂ قدرت میں سب کچھ ہے۔ اسم مبارکہ جلالی ہے

۷۸۶

۹۸	۶	۷۹۶	۳
۷۹۸	ا	ق	۴
۷	ض	ب	۹۴
۰	۹۶	۵	۸۰۲

جس عورت کو خلاف قاعدہ ایام ماہواری کی شکایت ہو یا کوئی مرض اسہال میں مبتلا ہو تو اسکو چاہیئے کہ اس نقش کو تیار کراکر بصورت تعویذ اپنے پاس رکھے انشاءاللہ شکایت جاتی رہے گی۔ البتہ تعویذ کو وقتاً فوقتاً خوشبو سے معطر کرتا رہے۔ نیز جو کوئی روزانہ بعد نماز مغرب و فجر اکیس (۲۱) بار اس اسم پاک کی تلاوت کریگا۔ جادو، سحر کے اثرات سے محفوظ رہے گا۔

۱۹:- یَا بَاسِطُ یعنی "روزی کا کھولنے والا"۔ اسم پاک جمالی ہے جو کوئی

۷۸۶

ط ۹	س ۶	ا ۱	ب ۲
۱۰	۳	۴۷	۱۲
۳۴	۴	۱۸	۱۶
۱۹	۵	۶	۴۲

اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا غنی ہو جائے اور اگر روزانہ بوقت سحر اپنے ہاتھوں پر دس بار پڑھ کر منہ پر مل کیا کرے محتاج نہ ہو۔

۲۰:- یَا رَافِعُ - یہ اسم مبارک بھی اسی پاک بے نیاز کا ہے جس کے قبضۂ قدرت میں سب کچھ ہے۔ معنی اس اسم پاک کے ہیں "اے بلند کرنے والا" یہ اسم پاک جمالی ہے۔ تاثیر بہت ہیں مختصر یہ کہ جو کوئی اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے اس کی روزی تنگ نہ ہوگی، یا جو کوئی تین دن تک تین ہزار بار روزانہ اس

اسم پاک کی وظیفہ خوانی کرے اور اس نقش کو ٹوپی میں رکھکر اس اسم کی مداومت کرتا ہوا حاکم جابر کے پاس جاوے وہ انشاء اللہ تعالیٰ بہ محبت پیش آویگا۔ نقش یہ ہے ..... ←

۷۸۶

۹۰	۹۳	۹۶	۸۳
۹۵	۸۴	۸۹	۹۴
۸۵	۹۸	۹۱	۸۸
۹۲	۸۷	۸۶	۹۷

۲۱:۔ یَاخَافِضُ

۔ یہ اسم پاک الہیہ جمالی ہے' معنی اس کے ہیں "اِے ذلیل وپست کرنے والے کافروں کے" تاثیر مختصراً اسکی یہ ہے کہ جو کوئی تین روز روزہ رکھے اور چوتھے روزے میں ایک مجلس میں ستّر ہزار بار پڑھے دشمن پر فتح پاوے نیز جو کوئی.. شخص اس مبارک نام کو روزانہ بلاناغہ ۵۰۰ بار (پانچسو بار) پڑھے گا وہ دشمنوں کے درمیان بلاخوف وخطر رہے گا دشمن اس کو گزند نہ پہونچا سکیں گے اور جو کوئی صاحب نقش پر حملہ کریگا ناکام رہے گا۔ نقش یہ ہے ......؟

۷۸۶

ل	۷۹۹	۸۱	خ
۸۲	۵۹۹	۲	۷۹۸
۵۹۸	۷۹	۸۰۱	۳
ض	۴	۵۹۷	ف

۲۲:۔ یَامُعِزُّ

۔ یہ اسم پاک پروردگار عالم کا ہے۔ جلالی ہے معنی ہیں "اِے عزّت دینے والے" جو کوئی شب دوشنبہ میں بعد نماز عشاء کے ایکسو چالیس ۱۴۰ بار پڑھے خلق میں عزّت پاوے اور جو کوئی اس نقش کو سفر میں پاس رکھے گا ہر طرح کی آفات اور جملہ بلیّات سے محفوظ گھر واپس آویگا۔ نقش یہ ہے ....؟

۷۸۶

۶۹	۳	ع۷۰	م۴۰
۶	۳۹	۵	۲
۴۲	ن	۱	۶۷
۴	۶۸	۴۱	۸

۲۳:۔ یَامُذِلُّ

۔ یہ اسم پاک بھی رب العزّت کا ہے معنی اس کے ہیں "اِے ذلّت دینے والے" اسم پاک جلالی ہے اور بہت بڑے خواص کا مالک ہے۔ مختصر یہ کہ جو کوئی کسی ظالم یا حاکم سے ڈرتا ہو تو اسکو چاہیئے کہ اس نقش کو لکھکر بازو پر۔

باندھے اور چھیتر بار اس اسم کی تلاوت کر کے سجدے میں جائے اور کہے میرے پروردگار فلاں ظالم (نام ظالم اور اس کی ماں کا) سے اماں دے انشاءاللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔ نقش یہ ہے ←

۷۸۶			
۱۹۵	۱۹۸	۲۰۱	۱۸۷
۲۰۰	۱۸۸	۱۹۴	۱۹۹
۱۸۹	۲۰۳	۱۹۶	۱۹۳
۱۹۷	۱۹۲	۱۹۰	۲۰۲

۲۴:- یَا سَمِیعُ - یہ اسم مبارک بھی خداوند کریم کا ہے معنی اس اسم کے ہیں "اے سننے والے" یہ اسم پاک جلالی ہے۔ بعضے مشترک بھی بتاتے ہیں تاثیر مختصراً اس اسم پاک کی یہ ہے کہ جو کوئی اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور اس اسم پاک کو پنجشنبہ کے دن بعد نماز چاشت کے پانچسو بار اور بقول دیگر ہر روز سو بار پڑھے اور اس درمیان میں کسی سے بات نہ کرے اس کی دعا مستجاب ہوگی انشاءاللہ تعالیٰ نقش یہ ہے ....؟

۷۸۶			
ع ۷۰	ی ۱۰	م ۴۰	س ۶۰
۴۱	۵۹	۷۱	۹
۶۲	۴۲	۸	۶۸
۷	۶۹	۶۱	۴۳

۲۵:- یَا بَصِیرُ خلاق عالم کے ننانوے اسمائے پاک میں سے ایک اسم یہ بھی ہے معنی اس اسم کے ہیں "اے دیکھنے والے" یہ اسم مبارکہ جمالی ہے لیکن بعضے مشترک بھی کہتے ہیں بہت بڑے بڑے اوصاف اس اسم سے وابستہ ہیں اختصاراً یہ کہ جو کوئی اس نقش کو بصدق دل اپنے پاس رکھے گا اور درمیان سنت و فرض نماز فجر ایکسو بار پڑھے ساتھ نظر عنایت حق کے

۷۸۶			
۵	۸۷	۱۱	۱۹۹
ر ۲۰۰	ی ۱۰	ص ۹۰	ب ۲
۸۸	۴	۱۹۸	۱۲
۹	۲۰۱	۳	۸۹

ہوا اور جو کوئی تمام عمر ہمیشہ عصر کے بعد اس نام کو لاتعداد بار پڑھے آفت ناگہانی سے محفوظ رہے۔

۲۶:- یَا حَکَمُ - بمعنی "اے حکم کے کرنے والے" یہ اسم پاک بھی خداوند عالم کا ہے۔ جمالی ہے اور بعضے مشترک بتاتے ہیں۔ جو کوئی اس نقش کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے

گا حاکم ظالم بھی مہربان ہوگا اور جو کوئی نماز پنجگانہ کے بعد اس اسم کی وظیفہ خوانی کرے گا کسی کا محتاج نہ ہوگا جو کوئی اس نقش کو گھر کے اندر رکھے گا تنگدستی اس گھر سے رخصت ہو جائے گی اور ارواح خبیثہ و امراض وبائی کا گذر نہ ہوگا۔

۷۸۶

۲۱	۲	۳۸	۷
۳۷	خ	ک۲۰	۳
۹	م۴۰	۰	۱۹
۱	۱۸	۱۰	۳۹

۲۷:۔ یَاعَدَلُ ۔ بمعنی "اے انصاف کرنے والے" یہ اسم مبارک جلالی ہے اور لاانتہا خواص کا مالک ہے معمولی تاثرات اسکی یہ ہیں کہ جو کوئی شب جمعہ کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھلائے تمام خلق مسخر ہو اس نام کا ورد کرنے والا ہمیشہ تقدیر الٰہی پر شاکر رہے گا۔ بعد مغرب جو کوئی اس اسم پاک کی ایکہزار بار تلاوت کریگا آفات سماوی سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۲۱	۳۵	۳۱	۲۸
۳۲	۲۷	۲۲	۳۴
۲۶	۲۹	۳۷	۲۳
۳۶	۲۴	۲۵	۳۰

۲۸:۔ یَالَطِیْفُ ۔ بمعنی "اے باریک بیں" یہ اسم پاک جمالی ہے علامہ دیربی اپنے مجربات میں تحریر کرتے ہیں کہ یہ اسم جلیل القدر (جسکی برکتیں عامل پر اچھی طرح ظاہر ہیں) کے ذریعہ سے دعائیں بہت جلد مستجاب ہوتی ہیں۔ اس اسم میں چار خاصتیں ہیں۔ فراغت معاش برآمد حاجات۔ خلاصی محبوس چشم پوشی ظالموں سے جو کوئی اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے گا اس کے مقاصد دارین حاصل ہوں گے برائے وسعت رزق یا رہائی محبوس اندر ہفتہ ۲۶ ہزار تین سو اکتالیس بار پڑھنے کی تعداد پوری کرے۔ دوران خواندگی مطلب پر نگاہ رکھے آرزو انشاءاللہ پوری ہوگی۔

۷۸۷

۶	۲۹	۸۱	۱۳
۸۲	۱۲	۷	۲۸
۱۱	۷۹	۳۱	۸
ل۳۰	ط۹	ی۱۰	ف۸۰

۲۹:- یَا خَبِیْرُ بمعنی "اے دلکی باتوں پر خبر رکھنے والے" یہ اسم جلالی ہے بعضے مشترک بتاتے ہیں تاثیر اس اسم کی یہ ہے کہ اسکا وظیفہ خواں شیطان لعین کے مکر و فریب سے آزاد رہتا ہے۔

اور جس کسی پر نفس اَمارہ کا غلبہ زیادہ ہو گیا ہو اس اسم کو لا تعداد بار زیادہ تر پڑھے غلبہ پاوے اور جو کوئی اس نقش کو لکھ کر ہفتہ میں ایکبار پی لیا کرے اسکا قلب روشن رہے اختلاج کے مریض کیلئے اکسیر ہے زعفران سے لکھ کر ایک طشتری روزانہ پیتا رہے چند دنوں کے بعد انشاء اللہ شکایت جاتی رہے گی۔

۷۸۶

۶۰۱	۱۲	۱۹۸	۱
۱۹۷	ب ۲	خ ۶۰۰	۱۳
۳	ز ۷	ی ۱۰	۵۹۹
۱۱	۵۹۸	۴	۱۹۹

۳۰:- یَا حَلِیْمُ بمعنی "اے بردبار" اسم پاک جمالی ہے۔ تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ جو کوئی اس نقش پاک کو کورے کاغذ پر لکھکر اور اسے پانی سے دھو کر باغ اور زراعت وغیرہ میں ڈالے سب آفتوں سے بچا رہے اور جو لڑکا بہت زیادہ شرارت پسند ہو لکھکر بصورت تعویذ اسکے گلے میں ڈالے بہ برکت ایں اسم ساری شرارتیں رخصت ہو جائیں گی اور اس اسم کے ہمیشہ پڑھنے والے کو کبھی ذلت و رسوائی سے سامنا نہ ہوگا

۷۸۶

م ۴۰	ی ۱۰	ل ۳۰	ح ۸
۳۱	۷	۴۱	۹
۶	۲۸	۱۲	۴۲
۱۱	۴۳	۵	۲۹

۳۱:- یَا عَظِیْمُ یہ اسم پاک جمالی ہے بعضے مشترک بتلاتے ہیں مختصر خاصیت اسکی یہ ہے کہ جو کوئی اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے محبوب خلائق ہو اور دنیادی مراتب اس کے بلند ہوں۔ درد شکم کیلئے سات بار پانی پر پڑھ کر دم کرے اور پلادے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا اور وہ نقش یہ ہے۔........ ←

۷۸۶

۹۰۱	۴۱	۸	ع
۷	۷۱	ظ ۹۰۰	۴۲
۷۲	ی ۱۰	۳۹	۸۹۹
م ۴۰	۸۹۸	۷۳	۹

۳۲:- یَا غَفُوْرُ بمعنی "اے بہت بخشنے والے" یہ اسم جمالی ہے جو کوئی بیمار ہو یا کسی غم میں مبتلا ہو اس اسم پاک کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھکر کھلاوے شفا پاوے۔ اگر سات

دن تک روزانہ جو کوئی بعد نماز عشاء ایکہزار بار اسم ہذا کا ورد کرے سیاہی اس کے دل سے دور ہو۔ درد سر کیلئے پانی پر دم کر کے پلاوے انشاء اللہ تعالےٰ شفا ہوگی۔ وہ نقش مکرم یہ ہے ....←

۷۸۶

۵	۹۹۹	۸۲	ر ۲۰۰
۸۳	۱۹۹	و ۶	۹۹۸
۹۸	ف ۸۰	۱۰۰۱	۷
غ ۱۰۰۰	۸	۱۹۷	۸۱

۳۳:۔ یَا شَکُوْرُ، بمعنی "اے قدردان نہایت قدر کرنیوالے" یہ اسم پاک جمالی ہے بعضے جلالی بھی کہتے ہیں۔ جس کسی کو تنگی.. معاش کی شکایت ہو نقش ہذا کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور اس اسم مبارکہ کو ۴۱ بار پانی پر دم کر کے پیئے انشاء اللہ یہ تنگی دفع ہو جاگی۔ جسکی آنکھوں میں دفعتاً اندھیرا چھا جاتا ہو اس اسم پاک کو ۴۱ بار پانی پر دم کرے قدرے آنکھوں میں لگائے باقی پی لیوے خدا چاہے تو چند دنوں کے استعمال کے بعد یہ شکایت جاتی رہے گی۔

۷۸۶

۱۹	۱۹۸	۸	۳۰۱
۹	ش ۳۰۰	ک ۲۰	۱۹۷
۲۹۹	و ۶	ر ۲۰۰	۲۱
۱۹۹	۲۲	۲۹۸	۷

۳۴:۔ یَا عَلِیُّ، بمعنی "اے بلند مرتبہ والے" یہ اسم جلالی ہے۔ بعضے جمالی کہتے ہیں خواص اس اِسم پاک کے بہت ارفع و اعلیٰ ہیں جنکا ضبط تحریر میں لانا ناممکن۔ مختصر یہ ہے کہ جو کوئی اس اسم کی مداومت کرے یا لکھکر اپنے پاس رکھے بہت بلند مرتبہ ہو حاسدین و دشمنوں سے اسے کوئی گزند نہ پہنچے اور اگر مسافر ہے اور غربت میں زندگی بسر کر رہا ہے واپسی وطن کا سامان زاد راہ وغیرہ فراہم نہیں ہوتا اس نقش کو اپنے پاس رکھنے سے عسرت دور ہو کر فارغ البالی نصیب ہوگی مالدار ہو کر وطن لوٹے گا۔

۷۸۶

ع ۷۰	ل ۳۰	ی ۱۰	۰
۹	۱	۶۹	۳۱
۲	۱۲	۲۸	۶۸
۲۹	۶۷	۳	۱۱

۳۵:۔ یَا کَبِیْرُ، بمعنی "اے سب پر بزرگ"۔ یہ اسم پاک جمالی ہے لیکن بعضے جلالی بھی کہتے ہیں۔ ننانوے اسماء میں سے یہ اسم بھی خلاق عالم کا ہے اس اسم کے خواص

۷۸۶

۱	۱۹۰	۱۲	۲۱
۱۳	ک ۲۰	ب ۲	۱۹۷
۱۹	ی ۱۰	ر ۲۰۰	۳
۱۹۹	۴	۱۸	۱۱

بہت بلند ہیں اختصاراً تحریر ہے کہ جو۔۔ کوئی اس اسم کو بہت بڑے بزرگ اور عالیقدر ہو۔ واسطے جملہ مہمات کے اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے کامیاب کامران ہو اگر کوئی بیمار پر ۹۰ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اسی نقش کو چینی کی رکابی پر لکھ کر دونوں وقت پلاوے بیمار شفا پاوے۔

۳۶:- یاحَفِیْظُ، بمعنی "اے نگہبان" یہ اسم پاک جمالی ہے جو کوئی اس نقش کو بشرطا اعتقاد لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو آگ سے جلنے اور پانی میں ڈوبنے سے محفوظ رہے گا اور دیگر آفات بھی صاحب نقش کو گزند نہ پہونچا سکیں گی۔ اگر جن و بھوت کا خوف ہو پانچ نقش تیار کرکے دو رکعت

۷۸۶

ح ۸	ف ۸۰	ی ۱۰	ظ ۹۰۰
۹	۹۰۱	۷	۸۱
۹۰۲	۱۲	۷۸	۶
۷۹	۵	۹۰۳	۱۱

نماز خوف ادا کرنے کے بعد ایک ہزار بار اس اسم مبارک کا ورد ایک نشست میں ایک زانو بیٹھ کر کرے بعدہٗ اسے خوشبو سے معطر کرکے اپنے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ خوف جاتا رہیگا۔

۳۷:- یامُقِیْتُ، بمعنی "اے قوت دینے والے" اس اسم پاک کو بعضے جمالی، اور بعضے مشترک کہتے ہیں۔ تاثیر معمولی اس نقش کی یہ ہے کہ جو کوئی محتاج ہو اس اسم کو بہت پڑھے اور پانی پر دم کرکے پیا کرے اور اس نقش مکرم کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو بہت جلد غنی ہو جاوے لیکن نماز کبھی قضا نہ

۷۸۶

م ۴۰	ق ۱۰۰	ی ۱۰	ت ۴۰۰
۱۱	۳۹۹	۴۱	۹۹
۳۹۸	۸	۱۰۲	۴۲
۱۰۱	۴۳	۳۹۷	۹

کرے اگر خالی آبخورے پر سات بار اس اسم کو پڑھ کر دم کرے اور پھر اس میں پانی سات روز تک کسی بچے کو پلاوے تو وہ ضد میں چھوڑ دے گا۔

۳۸:- یاحَسِیْبُ، بمعنی "اے کفایت کرنے والے" یہ اسم پاک جمالی ہے

۷۸۶

ح ۸	س ۶۰	ی ۱۰	ب ۲
۱۱	۱	۹	۵۹
۴	۱۲	۵۸	۶
۵۷	۷	۳	۱۳

لیکن بعضے مشترک بھی کہتے ہیں۔ تاثیر اس اسم کی یہ ہے کہ جو کوئی کسی حاسد، دشمن، چور یا بد نظر سے ڈرتا ہو صبح و شام ایک ہفتہ تک روزانہ ۶۰ بار اس اسم کی وظیفہ خوانی کرے اور اس نقش کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے سارا ڈر اور خوف جاتا رہے گا اور تمام مشکل کام بطریق احسن انجام پاتے رہیں گے۔

۳۹:۔ یَاجَلِیْلُ، بمعنی "اے بزرگ قدر والے بے پروا" یہ اسم جلالی ہے بعضے جمالی بھی بتاتے ہیں۔ تاثیر اس اسم پاک کی یہ ہے کہ جو کوئی اس نقش کو مشک اور زعفران سے لکھ کر گھول کر پیوے عزیز خلائق ہو اور جو کوئی اس اسم کو دس بار پڑھ کر اپنے مال و اسباب پر پھونک دے چوری جانے سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

ج ۳	ل ۳۰	ی ۱۰	ل ۳۰
۱۱	۳۹	۴	۲۹
۲۸	۸	۳۲	۵
۳۱	۶	۲۷	۹

۴۰:۔ یَاکَرِیْمُ۔ بمعنی "بڑا سخی" یہ اسم پاک جلالی ہے تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو کوئی اس نقش کو لکھ کر بہ اعتقاد صادق اپنے پاس رکھے اور بستر طاہر پر شب میں سونے سے قبل یہاں تک پڑھے کہ غنودگی طاری ہو اور سو جاوے تو فرشتے بحکم رب العزت جب تک کہ وہ سو کر نہ اٹھے اس کیلئے طلب مغفرت کی دعا کرتے ہیں اور اسکی حفاظت کرتے ہیں، اگر کوئی بخیل ہو تو چاہیئے کہ اس پاک کو پانی پر جو کہ طیب و طاہر ہو ایک ہزار بار پڑھ کر دم کریں اور اسکو پلا دیویں اور یہ عمل برابر کرتے رہیں انشاء اللہ کچھ دنوں کے بعد بخالت کی سنخ جاتی رہیگی۔

۷۸۶

ک ۲۰	ر ۲۰۰	ی ۱۰	م ۴۰
۱۱	۲۹	۲۱	۱۹۹
۳۸	۸	۲۰۲	۲۲
۲۰۱	۲۳	۳۷	۹

۴۱:۔ یَارَقِیْبُ۔ بمعنی "اے نگہبان" یہ اسم پاک جمالی ہے، بعضے مشترک

تباتے ہیں، خواص اس اسم کے بھی مثل اور اسماء کے بہت ارفع و اعلیٰ ہیں جنکا ضبط تحریر میں لانا قطعاً غیر ممکن ہے مختصر یہ کہ جو کوئی اس اسم کا نقش تیار کر کے اپنے بچوں اور زوجہ منکوحہ کے گلے میں بطور تعویذ ڈالے اور سات بار اس اسم کو پڑھ کر ان لوگوں پر دم کرے انشاء اللہ وہ سب تمام دشمنوں کے شر اور ہمہ اقسام کی بلیّات و نیز امراض وبائی سے محفوظ رہیں گے۔

۷۸۶

ر ۲۰۰	۹	۲	ق ۱۰۰
۴	۹۹	۲۰۱	۸
۹۸	۱	۱۱	۲۰۲
ی ۱۰	۲۰۳	۹۷	ب ۲

۴۵ :- یَا مُجِیْبُ - بمعنی "اے دعا کے قبول کرنے والے" یہ اسم پاک جلالی ہے اور کچھ مشترک تباتے ہیں۔ تاثیر اس اسم پاک کی یہ ہے کہ اس کا نقش لکھ کر سر میں باندھے درد سر جاتا رہے۔ چینی کی طشتری پر زعفران سے لکھ کر دھو کر تپ ولرزہ کے مریض کو پلاوے شفا پاوے۔ نمک پر پھونک کر کھلاوے درد شکم کو آرام ہو۔ نقش یہ ہے ...؟

۷۸۶

م ۴۰	ج ۳	ی ۱۰	ب ۲
۲۰	۶	۱۸	۱۱
۱۴	۴	۲۷	۱۰
۲۱	۵	۷	۲۲

۴۶ :- یَا وَاسِعُ - بمعنی "اے فراخ دستی عطا کرنے والے" یہ اسم پاک جمالی ہے اور بڑے آڑے وقتوں میں کام آتا ہے۔ خواص لاانتہا ہیں۔ بشری طاقت نہیں جو پورے اوصاف تحریر کر سکے۔ اوصاف ہائے گرانقدر عامل پر خود بخود دوران وظیفہ خوانی ظاہر ہوتے رہیں گے مختصر یہ کہ جو کوئی اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا... غیب سے روزی ہاتھ آئے گی جس کا وہم و گمان بھی نہ ہو سکیگا۔ دشمن دوست بن جائیں گے ہر کام بہ آسانی انجام پانا شروع ہو جائے گا لیکن نمازی بن۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

و ۶	ا ۱	س ۶۰	ع ۷۰
۵۹	۷۱	۵	۲
۶۸	۵۸	۳	۸
۴	۷	۶۹	۵۷

۴۶ :- یَا وَاسِعُ بمعنی "اے فراخدستی عطا کرنے والے" یہ اسم جلالی ہے بعضے جمالی بتلاتے ہیں۔ تاثیر اس اسم پاک کی یہ ہے کہ جو کوئی اس اسم پاک کی تلاوت بکثرت کریگا دونوں جہاں میں انجام اسکا بخیر ہوگا دنیاوی تنگدستی اسپر غالب نہ آسکے گی۔ اگر کسی شخص کو بچھونے ڈنک مار دیا ہو تو چاہیئے کہ تھوڑا شورہ پانی میں گھولکر اس پر ستر بار اس اسم مبارک کو پڑھکر اس پر دم کرکے مقام ڈنک پر لگائے اور اس نقش کو لکھکر پانی میں گھول کر پلائے انشاءاللہ فوراً تکلیف جاتی رہے گی۔ وسعتِ رزق میں بعد ۱۲ بجے رات دو رکعت نماز زیر آسمان پڑھنے کے بعد ایکہزار بار اس اسم کی مداومت کرے اور یہ سلسلہ چالیس روز تک جاری رکھے مجرب ہے۔ نقش یہ ہے ۔۔۔۔۔۔

۷۸۶

۳۲	۳۷	۴۰	۲۶
۳۹	۲۷	۳۳	۳۸
۲۸	۴۴	۳۵	۳۲
۳۶	۳۱	۲۹	۴۱

۴۷ :- یَا حَکِیْمُ بمعنی "اے زبردست حکمت والے" اسم مبارکہ جمالی ہے خاصیت اس اسم پاک کی بہت ارفع و اعلیٰ ہے مختصر یہ کہ بعد نماز ظہر ۱۱۵ بار اس اسم کی تلاوت کرے اور اس نقش کو لکھکر بہ خلوص اپنے پاس رکھے ہر مشکل کام کے انجام پانے میں آسانی ہوگی اس نقش کو بصورت تعویذ بازو پر باندھے یا گلے میں پہنے مقام خوف پر بے خطر رہے نیز اور بہت سے فائدے ظاہر ہوتے رہیں گے۔

۷۸۶

۱۹	۲۲	۲۵	۱۲
۲۴	۱۳	۱۸	۲۳
۱۴	۲۷	۲۰	۱۷
۲۱	۱۶	۱۵	۲۶

۴۸ :- یَا وَدُوْدُ بمعنی "اے دوست رکھنے والے" یہ اسم پاک جمالی ہے اگر درمیان شوہر اور زوجہ منکوحہ ناچاقی ہو گئی ہو تو اس نقش کو لکھکر زوجہ اپنے بازو پر باندھے اور اس اسم پاک کو ایکہزار بار کھانے پر دم کرکے عورت مرد کو کھلاوے انشاءاللہ ناچاقی دور ہو جاویگی۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔

۷۸۶

د	و	د	و
و	د	و	د
و	و	و	و
و	و	و	و

۴۹:۔ یَا مَجِیْدُ ۔ یعنی "اے بزرگ" یہ اسم پاک جمالی ہے۔ معمولی تاثیر اس اسم پاک کی یہ ہے کہ کوئی شخص جذام میں مبتلا ہو یا خونی بواسیر یا کسی قسم کے زخم میں مبتلا ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ زوال ماہ کی کسی تاریخ میں پانچ روزے رکھے اور افطار کے وقت ایکہزار بار اسم مندرجہ بالا اسمانِ افطار پر پڑھ کر پھونکے اور اسی سے افطار کرے انشاءاللہ شکایات جاتی رہیں گی اور ہاتھ اٹھا کر یہ دعا بھی پڑھے

۷۸۶

۱۴	۱۷	۲۰	۶
۱۹	۷	۱۳	۱۸
۸	۲۲	۱۵	۱۲
۱۶	۱۱	۹	۲۱

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُذَامِ وَمِنْ سَیِّئِ الْاَسْقَامِ اور جسکی پسلی میں درد ہو تو اسکو چاہیے کہ وہ مقام درد کو روئی کے پہل سے سینکتا جائے اور اس اسم مبارک کو پڑھ پڑھ کر دم کرتا جائے یہاں تک کہ ایکہزار بار کی تعداد پوری ہو جائے۔

۵۰:۔ یَا بَاعِثُ ۔ یعنی "اے مرنے کے بعد زندہ کرنے والے" یہ اسم پاک جمالی ہے مختصر تاثیر اس اسم مبارک کی یہ ہے کہ اسکا پڑھنے والا ہمیشہ زندہ دل اور بیدار مغز رہیگا جو کوئی کسی بدمزاج حاکم کے پاس جانا چاہے تو اس اسم پاک کا ایک نقش لکھکر اپنے داہنے بازو پر باندھے اور سات بار اس اسم گراں قدر کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے پھر اس کے بعد حاکم مذکور کے پاس جائے انشاءاللہ وہ مہربانی سے پیش آئے گا۔ اگر کسی کا عزیز و رفیق ملازم یا لڑکا گم ہو گیا ہو اور اسکو بلانا مقصود ہو تو چاہیے کہ وہ یَا بَاعِثُ کا ختم پڑھے۔ ترکیب اسکی یہ ہے کہ پانچ روزے رکھے اور بعد نماز عشاء ایکہزار بار درود شریف پڑھکر ایکہزار بار یَا بَاعِثُ پڑھ کر اس دعا کو ہاتھ اٹھا کر پانچ بار پڑھے اور یہ عمل متواتر ایک ہفتہ تک بہ پابندی وقت و مقام بجا لاوے اس عرصے میں یا تو غائب خود ہی واپس آجائیگا ورنہ اسکی خبر مل جائیگی اور وہ دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اِنَّ الْاَرْضَ اَرْضُكَ وَالسَّمَآءَ سَمَآؤُكَ وَمَا بَیْنَھُمَا فِیْ لَكَ اُتْ بِفُلَانٍ

۷۸۶

ش ۵۰۰	ع ۷۰	و ۶	ب ۲
۱۸	۲۱۶	۲۵۳	۸۶
۲۰	۲۸۳	۲۱	۲۴۹
۳۵	۴	۲۹۸	۲۳۶

اور لفظ فلاں کی جگہ نام گمشدہ واسکی ماں کا ہووے۔

۵۱:- یَا شَہِیْدُ ۔بمعنی "اے حاضر اور موجود ہر جگہ" اسم پاک جمالی ہے۔ مختصر تاثیر یہ ہے کہ جس کا لڑکا خودرائے اور بیٹی غیر صالحہ ہو اسکی پیشانی پر ہاتھ رکھکر اس اسم پاک کو آسمان کیطرف منہ کرکے ۲۱ بار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اگر چاہے تو شکایت دور ہو اور جو اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے گا دولت پاوے گا اور دشمن زیر ہوں گے اور اگر مریض کے سرہانے ۱۰۱ بار اسم ہذا کا ورد کریگا اسکو شفا ہوگی۔

۷۸۶

۸۲	۸۵	۸۸	۷۵
۸۷	۷۶	۸۱	۸۶
۷۷	۹۰	۸۳	۸۰
۸۴	۷۹	۷۸	۸۹

۵۲:- یَا حَقُّ ۔بمعنی "اے ثابت اور موجود" یہ اسم مبارکہ جلالی ہے تاثیر اس اسم پاک کی مختصر یہ ہے کہ اگر کسی کا کوئی مال و اسباب چوری گیا ہو تو ایک کاغذ کے چاروں کونوں پر اس اسم مبارکہ کو لکھکر آدھی رات کو زیر آسمان کھڑے ہوکر کاغذ کو ہتھیلی پر رکھے اور شفیع لائے انشاءاللہ اسباب پاویگا اور اگر اس نقش کو لکھکر قیدی کے بازو پر باندھے تو وہ جلد رہائی پاویگا اور اگر کوئی شخص اپنے مقدمہ میں فیصلہ حق پر ہونا... چاہتا ہے تو ایکسو (۱۰۱) دفعہ سُبحَانَ المَلِكِ الحَقِّ المُبِينِ ط پڑھ کر سات سو چھتر بار اس اسم کو پڑھے انشاءاللہ تین روز کے اندر خاطر خواہ کام ہوکر حق کا بول بالا ہوگا۔

۷۸۶

۲۹	۳۲	۳۶	۲۲
۳۵	۲۳	۲۸	۳۳
۲۴	۳۸	۳۰	۲۷
۳۱	۲۶	۲۵	۳۷

۵۳:- یَا وَکِیْلُ ۔بمعنی "اے کارساز بگڑے ہوئے کاموں کے بنانے والے" یہ اسم جمالی ہے جو کوئی اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے گا جمیع آفات سے محفوظ رہے گا۔ اگر کسی مکان پر بجلی گرنے کا اندیشہ ہو سات بار اس اسم پاک کو ایک کاغذ پر لکھکر مکان کی دیوار پر چسپاں کرے اندیشہ جاتا رہے گا۔

۷۸۶

ک	۲۹	۱۱	و
۱۲	۵	۲۱	۲۸
۴	۹	۳۱	۲۲
ل	۲۳	۳	ی

۵۴ :- یَاقَوِیُّ یعنی "اے زبردست طاقت والے" یہ اسم جلالی ہے۔ اگر کسی شخص کا کوئی دشمن قوی ہو اور وہ اس کے شر سے عاجز آگیا ہو تو اس اسم کو ایک ہزار بار پڑھے اور آٹے میں گولی بنا کر ایک ایک گولی اٹھاوے اور کہے یَاقَوِیُّ اور مرغ کو کھلاوے انشاء اللہ دشمن مقہور ہوگا اور جو کوئی اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے گا وہ قوی ہوگا۔ اگر کوئی حاملہ عورت صدمات حمل سے کمزور ہوگئی ہو اور قیام حمل ناقابل برداشت ہو رہا ہو تو اس اسم پاک کی ۱۲۱ بار روزانہ تلاوت کرے انشاء اللہ ایام حمل بہ آسانی گزر جائیں گے اور زنِ حاملہ کو احساس تک نہ ہوگا۔

۷۸۶

٠	ق	و	ی
۳۲	۸	۴۶	۳۰
۲۹	۵	۵۷	۲۵
۵۵	۳	۷	۵۱

۵۵ :- یَامَتِیْنُ یعنی "اے مضبوط" یہ اسم پاک جمالی ہے تاثیر اس اسم مبارک کی یہ ہے کہ دودھ چھوڑنے کے سلسلے میں جو لڑکا بہت روتا ہو اسکو یہ نقش لکھکر گھول پلاوے انشاء اللہ بچے کا رونا کم ہو جائے گا۔ اگر کسی عورت کے دودھ کم ہوگیا ہو تو لو تعویذ اس مبارک نام کے لکھکر گھول کر پلاوے انشاء اللہ دودھ نہ ہونے یا کمی کی شکایت جاتی رہے گی۔ بروز یکشنبہ اس اسم مبارک کا پانچ ہزار پانچ بار پڑھنا ہر مہم میں کامیابی کا باعث ہوگا۔

۷۸۶

م	۸	۵۱	۴۰۱
۵۲	ت	۴۱	۷
۳۹۹	۴۹	ی	۴۲
۹	۴۳	۳۹۸	ن

۵۶ :- یَاوَلِیُّ یعنی "مددگار" یہ اسم پاک جمالی ہے تاثیر اس اسم کی یہ ہے کہ اگر کوئی اس اسم کو بہت پڑھے خلق کی پوشیدہ باتوں پر آگاہ ہو کر صاحب عزت ہو یا خاوند اور بیوی میں مناقشہ پیدا ہوگیا ہو تو حسب تذکرہ صورت کا تعویذ لکھکر محفوظ جگہ درخت میں اسطرح لٹکاوے کہ وہ ہوا سے ہلتا رہے انشاء اللہ کچھ دنوں کے بعد نفرت اسطرح سے محبت میں تبدیل ہوگی کہ لوگوں کو حیرت ہوگی۔

۷۸۶

۲	۲۰	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۷	۱۹
۱۲	۱۵	۲۲	۸
۲۱	۹	۱۱	۱۶

۵۷ :- یَاحَمِیْدُ - بمعنی "اے تعریف کے لائق" یہ اسم پاک جمالی ہے تاثیر اس اسم کی یہ ہے جو کوئی بعد نماز صبح اس اسم پاک کی بلاناغہ ایکسو پانچ بار تلاوۃ کریگا تو دشمن بھی برائی نہ کرسکیگا اور اسکی بھی نگاہ نیچی ہو جائیگی اور وہ بھی دشمنی نکر سکیگا اور جو کوئی الفاظ فحش یا بدزبانی کا عادی ہو چکا ہو تو اس کیلئے چاہیئے کہ اس نقش کو لکھکر بصورت تعویذ گلے میں ڈالے اور ننانوے (۹۹) بار اکیس (۲۱) روز تک پیالے پر لکھکر پلاوے۔ انشاء اللہ درست ہو جاویگا۔

۷۸۶

۹	۱۲	۲	۳۹
۱	م	ح	۱۳
۴۱	د	ی	۷
۱۱	۶	۱۴	۳

۵۸ :- یَامُحْصِیُ - بمعنی "اے احاطہ کرنے والے" یہ اسم پاک جلالی ہے لیکن بعضے جمالی بتلاتے ہیں۔ تاثیر اسکی یہ ہے کہ اگر کوئی شب جمعہ ایکہزار مرتبہ بلاناغہ ہر جمعہ کو اپنی زندگی بھر اس اسم پاک کا ورد کرتا رہے عذاب گور سے نجات پاوے۔ جو شخص نقش ہذا کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اور بعد نماز صبح ۱۰ بار اس اسم کو پڑھے تمام دن ہر آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

ی	ص	ح	م
۷	۴۱	۹	۹۱
۳۸	۶	۹۲	۱۲
۹۳	۱۱	۳۹	۵

۵۹ :- یَامُبْدِئُ - بمعنی "اے ابتداء کرنے والے" یہ اسم مبارکہ جلالی ہے تاثیر اس اسم پاک کی یہ ہے کہ اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہو گیا ہو یا ہو جایا کرتا ہو تو جب قرار حمل کی صورت پیدا ہو تو نقش ہذا کو لکھکر اسکے گلے میں ڈالے اور بوقت سحر نوے (۹۰) ہزار بار پڑھ کر دم کر دیا کرے انشاء اللہ اسقاط کی شکایت پیدا نہ ہوگی۔ اگر کوئی عورت بانجھ ہو حمل قرار نہ پاتا ہو تو چاہیئے کہ وہ ایک سیب کو چھیل کر سات بار اس اسم کو لکھکر نہار منہ تین روز تک کھلائے اور اگر سیب نہ مل سکے تو بیضہ مرغ لیکر ابالے اور

۷۸۶

ی	د	ب	م
۲۷	۲۰	۳	۶
۱۴	۸	۲۵	۹
۵	۲۴	۲۶	۱

پوست الگ کر کے اس پر یہی عمل کرے اور تین مہینے تک ہر مہینہ میں تین بار کرتا رہے کامیاب ہوگا

۶۰:- یَامُعِیْدُ - یعنی "اے دوسری بار پیدا کرنے والے" یہ اسم مبارکہ جلالی ہے بعضے جمالی بھی بتاتے ہیں تاثیر اس اسم پاک کی یہ ہے کہ جسکا کوئی عزیز رشتہ دار یا لڑکا وغیرہ غائب ہو جائے اور اسکا کہیں پتہ نہ چلتا ہو آدھی رات کے بعد جب گھر کے سب لوگ سو جائیں اس مکان کے چاروں کونوں پر ستر ستر بار یامُعِیدُ پڑھے پھر کہے یَامُعِیدُ فلاں (نام غائب) بن فلاں (نام اسکی ماں کا) کو گھر واپس فرمادے انشاالله سات روز بھی نگزرنے پاویں گے کہ غائب واپس آجاویگا یا اسکی خبر آجاویگی اور اس نقش کو لکھکر کسی درخت میں لٹکا دیوے کہ ہوا سے ہلتا رہے۔

۷۸۶

۶۹	۲	۱۲	۴۱
۱۳	م	ع	۱
۳۹	ی	د	۷۱
۳	۷۲	۳۸	۱۱

۶۱:- یَامُحْیِیُ - یعنی "اے جلانے والے" یہ اسم مبارکہ جلالی ہے بعضے جمالی بتلاتے ہیں ادنیٰ خاصیت اس اسم پاک کی یہ ہے کہ اسکا نقش تیار کر کے جس بچے کے گلیمیں ڈالا جائیگا انشاالله وہ جملہ امراض سے محفوظ رہیگا نیز جس کسی کو کسی مرض کے سبب کسی جسمانی عضو کے ضائع جانے کا اندیشہ ہو ہر روز صبح و شام سات سات بار اس اسم پاک کو عضو متعلقہ پر دم کرے انشاالله عضو سلامت رہے گا۔ جہاں کہیں درد ہو ۱۲۱ (ایکسو اکیس) بار پڑھ کر دم کرے درد جاتا رہے گا

۷۸۶

م	ح	ی	ی
۲	۱۲	۱۷	۳۷
۱۳	۲۸	۱۱	۱۶
۱۳	۲۰	۳۰	۵

۶۲:- یَامُمِیْتُ - یعنی "اے مارنے والے" یہ اسم جلالی اور بعضوں کے نزدیک جمالی ہے جسکو جادو یا بدنظری سے خوف ہو اسکو بصورت تعویذ بازو پر باندھے اور روزانہ بعد نماز فجر ایکہزار ایکسو پانچ بار اسم ہذا کو پڑھا کرے امن میں رہے گا۔

۷۸۶

م	م	ی	ت
۹	۴۰۱	۳۹	۴۱
۴۰۲	۱۲	۳۸	۳۸
۳۹	۳۷	۴۰۳	۱۱

۶۳:۔ یَا حَیُّ۔ بمعنی "اے ہمیشہ زندہ رہنے والے" یہ اسم جلالی ہے لیکن بعضے جمالی کہتے ہیں۔ مختصر خاصیت اس اسم پاک کی یہ ہے کہ جو بیمار اس نام پاک کو زیادہ پڑھے گا حق تعالےٰ اسکو بہت جلد شفا عطا فرمائے گا اور جو کوئی اس نقش جلیل القدر کو اعتقاد و با اصول طبعی طرز پر لکھکر اپنے پاس رکھے گا وہ جملہ آفات سے محفوظ رہے گا دشمن لطف و مدارات سے پیش آنے لگیں گے ہر پنجشنبہ کو خوشبو سے معطر کرنا ضروری ہے۔

۷۸۶

ا	ل	ح	ی
۲۳	۲	۹	۱۵
۷	۱۲	۲۶	۴
۱۸	۵	۶	۲۰

۶۴:۔ یَا قَیُّوْمُ۔ بمعنی "اے ہمیشہ قائم رہنے والے" یہ اسم مبارکہ جلالی ہے مختصر خاصیت اس اسم پاک کی یہ ہے کہ جو کوئی صبح صادق کے بعد سے سورج نکلنے تک لاتعداد اس نام کا پڑھنا دونوں تسخیر کیلئے اکسیر ہے اور جو کوئی فکر معاش میں مبتلا ہے یا اچھا کام روزگار کا خواہشمند ہو اسکو چاہیئے کہ اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے مجرب ہے اور وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۴	۴۸	۴۴	۴۱
۴۵	۴۰	۳۵	۴۷
۳۹	۴۲	۵۰	۳۶
۴۹	۳۷	۳۸	۴۳

۶۵:۔ یَا وَاجِدُ۔ بمعنی "اے غنی بے پرواہ" یہ اسم پاک جلالی ہے۔ معمولی خاصیت اس اسم جلیل القدر کی یہ ہے کہ زوجین کی محبت کیلئے اس مبارکہ کا نقش اور روزانہ ایکسو گیارہ مرتبہ کا پڑھنا بے نظیر خاصیت رکھتا ہے اور جو کوئی لاتعداد بار اس اسم کی مداومت کریگا تونگر ہو جائیگا اور جو کوئی اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے گا محتاج نہ ہوگا۔ روزانہ اس تعویذ کو خوشبوئے طاہرہ سے معطر کرنا باعث برکت ہے۔

۷۸۶

و ۶	ا ۱	ج ۳	د ۴
و	ج	ا	د
ا	و	و	ج
ج	د	و	ا

۶۶:۔ یَا مَاجِدُ۔ بمعنی "اے بزرگ" یہ اسم مبارکہ جلالی ہے بعضے جمالی بتاتے ہیں یہ

اسم بھی اسمائے پروردگار عالم میں سے ایک ہے معمولی خاصیت اس اسم کی یہ ہے کہ اسکا نقش تیار کرکے بیمار کے گلے میں ڈالے تو وہ بہت جلد اچھا ہو جائیگا اور نام کا ورد کرنیوالا مخلوق میں عزت کی نظروں سے دیکھا جاتا ہے اور اس کے ہر کام جو پہلے مشکل نظر آتے ہیں بہ آسانی انجام پاتے ہیں اور وہ نقش مبارک یہ ہے ....

۷۸۶

۱۴	۱۷	۲۱	۷
۲۰	۸	۱۳	۱۸
۹		۱۵	۱۲
۱۶	۱۱	۱۰	۲۲

۶۷:۔ یَا وَاحِدُ۔ یعنی "اے یکتا اور اکیلے اپنی ذات میں" یہ اسم پاک جلالی ہے۔ مختصر خاصیت اس اسم پاک کی یہ ہے کہ جو کوئی صدق دل سے اس اسم پاک کی ایکہزار بار تلاوت کریگا خوف و ڈر اس کے دل سے دور ہو جائیگا جس کسی شخص کے بیٹا نہ ہوتا ہو تو اسکو چاہیئے کہ رمضان شریف کے مہینے میں پہلے جمعہ کو بعد نماز جمعہ اکیسو ایکبار بصورت تعویذ لکھے اور بازو پر باندھے انشاءاللہ سال کے اندر ہی گوہر مراد ہاتھ آئے۔ دوستی کیلئے بہتر ہے

۷۸۶

د	ح	ا	و
و	ا	ح	د
ح	د	و	ا
ا	و	د	ح

۶۸:۔ یَا اَحَدُ۔ یعنی "اے تنہا اور یگانہ" اسم پاک جلالی ہے۔ مختصر خاصیت اس اسم پاک کی یہ ہے کہ جو کوئی اس اسم پاک کا وظیفہ خواں ہوگا اور ناغہ نکریگا جہاں کہیں جائیگا عزت کی نظر سے دیکھا جائیگا اور جو کوئی کسی مارگزیدہ پر جسپر ایسا اثر ہو کہ وہ مرنے لگا ہو اس اسم یا احد کو یا واحد سے ملاکر ۱۰۱ بار پڑھ کر دم کرے اثر زہر زائل ہو وہ اچھا

۷۸۶

د ۴	ح ۸	ا ۱	۰
۰	۱	۳	۹
۲	۳	۶	۴
۷	۱	۳	۲

۶۹:۔ یَا صَمَدُ۔ یعنی "اے بے نیاز"۔ اسم ہذا جلالی ہے جو کوئی نقش اسم ہذا کو لکھکر اپنی پگڑی کے اندر رکھکر حاکم جابر کے پاس جائے وہ مہربانی سے پیش آئے گا یہ اسم جلالی ہے لہٰذا تحریر نقش میں احتیاط کی ضرورت ہے

۷۸۶

۳۶	۳۹	۴۲	۲۸
۴۱	۲۹	۳۵	۴۰
۳۰	۴۴	۳۷	۳۴
۳۸	۳۳	۳۱	۴۳

۷۰:- یَاقَادِرُ: یعنی "اے قدرت والے" یہ اسم جلالی ہے اگر کوئی شخص نقش اس اسم کا لکھ کر اپنے پاس رکھے دشمن اس پر فتح نہ پاویگا اور جو کوئی ہر نماز میں وضو کرتے وقت اس اسم کی بکثرت تلاوت کریگا کبھی کسی ظالم کے ہاتھوں میں گرفتار نہ ہوگا- وہ نقش یہ ہے .... ←

۷۸۶

ف ۱۰۰	ا ۱	د ۴	ر ۲۰۰
۴۷	۱۲۸	۷۸	۵۲
۱۵۶	۲۵	۷۴	۵۰
۲	۱۵۱	۱۴۹	۳

۷۱:- یَامُقْتَدِرُ: یعنی "اے اپنی قدرت ظاہر کرنے والے" یہ اسم جلالی ہے- جو کوئی اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے خلق میں عزت پاوے- اگر کوئی اس اسم پر مداومت کرے تو غفلت ہوشیاری سے مبدل ہوئے- نقش یہ ہے .... ←

۷۸۶

۱۸۱	۱۹۵	۱۹۱	۱۸۸
۱۹۲	۱۸۷	۱۸۲	۱۹۴
۱۸۶	۱۸۹	۱۹۷	۱۸۳
۱۹۶	۱۸۴	۱۸۵	۱۹۰

۷۲:- یَامُقَدِّمُ: یعنی "اے نیک بندوں کو اپنے قرب میں رکھنے والے" مختصر تاثیر اس اسم پاک کی یہ ہے کہ جو کوئی اس اسم پاک کو لکھکر بصورت نقش اپنے پاس رکھے گا اور کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا منظور ہو تو ۷ مرتبہ کسی شیرینی پر دم کرکے کھلاوے جلد متوجہ ہو- نقش یہ ہے .... ←

۷۸۶

۴۱	۵۵	۵۱	۴۸
۵۱	۴۷	۴۲	۵۴
۴۶	۴۹	۵۷	۴۳
۵۶	۴۴	۴۵	۵۰

۷۳:- یَامُؤَخِّرُ: یعنی "اے کافروں کو اپنی رحمت سے پیچھے رکھنے والے" یہ اسم جلالی ہے جو کوئی نقش ہذا کو لکھکر اپنے مال و اسباب میں رکھے چوری جلنے سے محفوظ رہے اور لکھکر اندرونی دیوار پر آویزاں کرے تو امراض وبائی سے محفوظ رہیگا اور جو کوئی ایکہزار بار تا زندگی اسکی مداومت کریگا (بعد نماز عشا) اللہ تعالےٰ اسکو نیک بندوں میں شمار کریگا۔

۷۸۶

۲۰۶	۲۲۰	۲۱۷	۲۱۴
۲۱۸	۲۱۳	۲۰۷	۲۱۹
۲۱۲	۲۱۵	۲۲۲	۲۰۸
۲۲۱	۲۰۹	۲۱۱	۲۱۶

۷۴:۔ یَا اَوَّلُ ۔ بمعنی "اے سب سے اوّل" یہ اسم جلالی ہے۔ خاصیت اس پاک کی یہ ہے

کہ جس کسی کے یہاں بیٹا نہ پیدا ہوتا ہو ایک چلہ تک بلا ناغہ چالیس ۴۰ اس اسم مبارک کو پڑھے اور پانی یا کسی شیرینی پر دم کر کے نصف خود کھائے اور نصف زوجہ منکوحہ کو کھلاوے اور قربت حاصل کرے انشاء اللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی نقش لکھکر بازو پر باندھنے سے دشمن ذلیل و خوار ہوگا اور یہی خاصیت یَا اٰخِرُ کی ہے جس کے معنی ہیں "اے سب کے پیچھے یعنی سب فنا ہونگے اور وہی اکیلا سب کے بعد باقی رہ جائیگا۔ اسلئے کہ وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہیگا یہ اسم پاک بھی جلالی ہے اور نقش یا آخر یہ ہے ....

۷۸۶

ا ۱	لا ۳۱	و ۶	ل ۳۰
۸	۲۸	۳	۲۹
۶	۲	۳۵	۵
۳۳	۷	۲۴	۴

۷۸۶

ا ۱	لا ۳۱	خ ۶۰۰	ر ۲۰۰
۶۰۱	۱۹۹	۲	۳۰
۱۹۸	۵۹۸	۳۳	۳۰
۳۲	۴	۱۹۷	۵۹۹

۷۵:۔ یَا ظَاهِرُ ۔ بمعنی "اے سب پر ظاہر" یہ اسم جلالی ہے لیکن بعض مشترک بتاتے ہیں مختصر خاصیت اس اسم پاک کی یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم کے نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے

شہرۂ آفاق ہو اور اگر گھر کی دیوار پر لگادے اور ایکسو پانچ ۱۰۵ بار پڑھ کر پھونکے دیوار گرنے سے محفوظ رہیگی۔ آندھی یا بارش کا طوفان آرہا ہو یا پچھو بار اس اسم کو پڑھ کر اس طرف کہ جس طرف سے طوفان کی آمد آمد ہے پڑھکر

۷۸۶

ظ ۹۰۰	۱۱	۵۵	ر ۲۰۰
۱۰۵	۱۰۲	۴۰۱	۴۹۸
۹۹	۵۰۳	۱۰۰	۴۰۴
۲	۵۰۰	۶۰۰	۴

پھونکے انشاء اللہ بہ برکت ایں اسم طوفانِ باد و باراں اپنا رُخ پھیر دے گا۔

۷۶:۔ یَا بَاطِنُ ۔ بمعنی "اے پوشیدہ جہاں کی نظروں سے" یہ اسم مبارک ذاتِ احدیت جمالی ہے اور منجملہ اور اسمائے مبارکہ کے بہترین خواص کا مالک ہے۔ جو کوئی ہزار بار روزانہ بلا ناغہ تا زندگی بنیت کرکے اس اسم کی تلاوت کرے گا صاحب اسرار ہوگا اور اس کا

باطن کشادہ ہوگا اور جو کوئی اس اسم پاک کا نقش لکھکر اپنے پاس رکھے گا اس کا دل روشن ہوگا۔ مخلوق میں عزت کی نظروں سے دیکھا جائے گا۔ ہر مشکل کام آسانی سے انجام پاجائے گا۔ نقش یہ ہے ..... ←

۷۸۶

۵	۶	۲۱	۳۰
ن ۵۰	ط ۹	ا ۱	ب ۲
۳	۲۷	۲۵	۷
۴	۴۰	۱۵	۲۳

۷۷:۔ یَاوَالِیُ۔ یعنی "اے کارساز اور مالک" یہ اسم مبارک جمالی ہے۔ مختصر خاصیت اس اسم پاک کی یہ ہے کہ جو کوئی اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے جمیع مہمات کو کفایت کریگا اور اگر کوئی چاہے کہ اسکا گھر آباد رہے اور ہوا اور مینھ اور تمام آفتوں سے محفوظ رہے تو اس اسم کو کوزۂ آب نارسیدہ پر لکھے پھر پانی میں ڈالے اور اس پانی کو در و دیوار پر چھڑکے گھر محفوظ رہے گا اور اگر کسی کو تسخیر کرنا چاہے تو گیارہ بار گیارہ روز تک پڑھے انشاءاللہ وہ شخص سطیع و منقاد ہوگا۔

۷۸۶

ی ۱۰	ل ۳۰	ا ۱	و ۶
۱۴	۴	۱۶	۱۳
۳	۵	۲۲	۱۷
۲۰	۸	۸	۱۱

۷۸:۔ یَامُتَعَالِیُ۔ یعنی "اے بہت بلند ذات والے" یہ اسم جلالی ہے جو کوئی اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے گا اور بصورت تعویذ بازو پر باندھے گا اور جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے گا اسکو پھر کسی مشکل سے سابقہ نہ پڑیگا

۷۸۶

۱۴۰	۱۴۳	۱۴۶	۱۳۳
۱۴۵	۱۳۴	۱۳۹	۱۴۴
۱۳۵	۱۴۸	۱۴۱	۱۳۸
۱۴۲	۱۳۷	۱۳۶	۱۴۷

۷۹:۔ یَابَرُّ۔ یعنی اے اچھے کام کرنیوالے نہایت احسان کرنیوالے۔ جس کسی کو درد قولنج کی تکلیف ہو اس نقش کو لکھکر بازو پر باندھے درد میں تکلیف نہ ہو بلکہ تخفیف ہو اور جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے تمام آفتوں سے بچا رہے۔

۷۸۶

ر ۲۰۰	ب ۲	ل ۳۰	ا ۱
۶۹	۱۴	۹۰	۶۰
۶۲	۱۰	۱۱۹	۴۲
۱۰۲	۹	۲۲	۱۰۰

٨٠:- یَا تَوَّابُ بمعنی "اے قبول فرمانے والے بندوں کی توبہ کے" یہ اسم جمالی ہے - جو کوئی اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے گا تمام غم و الم سے دور ہوکر قلب محزون کو سکون حاصل ہوگا۔

٧٨٦

٣	١٠٦	١٠٠	٢٠٠
ت	و	ا	ب
١	٢٠٣	١٩٩	٦
٥	٩٤	١٠٩	٢٠١

٨١:- یَا مُنْعِمُ یَا مُنْتَقِمُ بمعنی "اے نعمت دینے والے" "بدلہ لینے والے کافروں سے" اسم یا منعم جمالی اور یا منتقم جلالی ہے نقش منعم برائے حصول غنا لکھکر بازو پر باندھے لبسا التعجب کریگا جب دولت کی فراوانی ہوگی۔

٧٨٦

م	ن	ع	م
٦٩	٤١	٣٩	٥١
٤٢	٧٢	٤٨	٣٨
٤٩	٣٧	٤٣	٧١

نقش یا منتقم کو لکھکر اپنے بازو پر باندھے اور بعد آدھی رات ایکہزار یا پچیسو پچیس بار اس اسم کی مداومت کرے دشمن مقہور ہوگا اور جو کوئی لاتعداد اس اسم کی تلاوت کرے تمام بلیات و شر دشمنان سے محفوظ رہے

٧٨٦

من	ت	ق	م
١٠١	٣٩	٩١	٣٩٩
٣٨	٩٨	٤٠	٩٢
٤٠١	٩٣	٣٧	٩٩

٨٢:- یَا عَفُوُّ بمعنی "اے درگزر فرمانے والے بندوں کے گناہوں سے" یہ اسم جمالی ہے چونکہ یہ باب النقوش ہے لہذا اس جگہ صرف نقوش کی خاصیت بیان کیجاتی ہے - جیسا کہ اس باب کے ابتدائی حصہ میں تذکرہ کیا جا چکا ہے جو کوئی نقش ہذا کو لکھکر اپنے پاس رکھے گا اس پر تلوار کا وار اثر نکریگا یعنی تلوار سے زخم نہ پہنچیگا

٧٨٦

ال	ع	ف	و
٨١	٥	٣٢	٦٩
٤	٧٨	٧٢	٣٣
٧١	٣٤	٣	٧٩

(نوٹ:- اسمائے باری تعالیٰ کی وظیفہ خوانی کے بابت ہماری کتاب "اکسیر العملیات" ملاحظہ فرمائیے مؤلف

۸۳ :- یَارَؤُف - یعنی "بہت مہربان"

یہ اسم مبارکہ جمالی ہے اور بہت بڑے خواص کا مالک ہے جو کوئی اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے دنیا کی محبت اس کے دل سے دور ہوگی دس بار پڑھنے سے ظالم مہربان ہوگا

۷۸۶

ر	ؤ	ف	٠
۷۹	۱	۱۹۹	۷
۲	۸۲	۴	۱۹۸
۵	۱۹۷	۳	۸۱

۸۴ :- یَامَالِکَ الْمُلْکِ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام - یعنی مالک سارے جہان کا صاحب بزرگی اور بخشش کا" یہ اسم مبارکہ جمالی ہے جو کوئی اس اسم کی تازندگی نیت کرکے وظیفہ خوانی کرے اور اس نقش کو لکھکر بازو پر باندھے بہت جلد تونگر ہو جائے۔

۷۸۶

یَامَالِکَ	الْمُلْکِ	ذَاالْجَلَالِ	وَالْاِکْرَام
۸۰۲	۲۹۸	۱۰۳	۱۲۰
۲۹۷	۷۹۹	۱۲۳	۱۰۴
۱۲۲	۱۰۵	۲۹۶	۸۰۰

۸۵ :- یَارَبُّ یعنی "اے پالنے والے سب کے" اسم مبارکہ مشترک ہے - جو کوئی اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے گا معاشی بحران میں مبتلا نہ ہوگا بچے کے گلے میں ڈالے ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

ر	ب	ھب	لی
۸	۳۹	۲۰۱	۱
۳۸	۵	۴	۲۰۲
۳	۲۰۳	۳۷	۶

۸۶ :- یَامُقْسِطُ - یعنی "داد دینے والا" یہ اسم مبارکہ جلالی ہے - جو کوئی اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے اور اس اسم کو سات سو بار پڑھا کرے جملہ آفات اور شر شیطان سے محفوظ رہے - عورت حاملہ کے باندھے ولادت بہ آسانی ہو - نقش مذکور یہ ہے .....

۷۸۶

م	ق	س	ط
۵۹	۱۰	۳۹	۱۰۱
۱۱	۶۲	۹۸	۳۸
۹۹	۳۷	۱۲	۶۱

۸۷ :- یَاجَامِعُ - یعنی "جمع کرنے والا" یہ اسم مبارکہ مشترک ہے - مختصر خواص

یہ ہے کہ جو کوئی اس نقش کو لکھکر ہر وقت اپنے پاس موجود رکھے تو اگر وہ مسافرت میں ہے تو بہ خیریت گھر واپس آویگا اور جو کوئی وقت چاشت غسل کر کے زیر آسمان آسمان کیطرف منھ کر کے اس اسم کو دس۱۰ بار کہے اور ہر بار ایک ایک انگلی بند کرتا جاوے پھر ہاتھ اپنا اپنے منھ پر پھیرے تو عزیزانِ پراگندہ تھوڑے عرصہ میں یکجا ہو جائیں گے۔

۷۸۶

ج	ا	م	ع
۲۳	۶۸	۹	۱۴
۶۶	۱۳	۲۴	۱۱
۲۲	۳۲	۴۱	۱۹

۸۸:۔ یَاغَنِیُّ۔ معنیٰ "بے پرواہ" یہ اسم مشترک ہے۔ جو کوئی تنگدست ہو یا کچھ عرصہ کے بعد ہو گیا ہو اور یہ تنگدستی پیچھا نہ چھوڑتی ہو تو اس نقش کو عقیق پر کندہ کرا کر انگوٹھی بنوا کر پہنے انشاءاللہ مفلسی دور ہو جائیگی۔

۷۸۶

۲۶۵	۲۷۹	۲۷۵	۲۷۲
۲۷۶	۲۷۱	۲۶۶	۲۷۸
۲۷۰	۲۷۳	۲۸۱	۲۶۷
۲۸۰	۲۶۸	۲۶۹	۲۷۴

۸۹:۔ یَاغَنِیُ یَامُعْطِیُ یَامَانِعُ بمعنیٰ "بے پرواہ کرنیوالا۔ عطا کرنیوالا۔ باز رکھنے والا۔ اسم ہائے مبارکہ جمالی ہیں۔ جو کوئی اسم یا مغنی کا نقش لکھکر اپنے پاس رکھے دنیا کی حرص دل سے دور ہو گی۔

۷۸۶

م	غ	ن	ی
۵۱	۹	۴۱	۹۹۹
۸	۴۸	۱۰۰۲	۴۲
۱۰۰۱	۴۳	۷	۴۹

اور جو کوئی اسم یا معطی کے نقش کو لکھکر اپنے پاس بشرط اعتقاد اپنے پاس رکھے گا۔ کواکب کی نحوست سے بچا رہے گا اور طرح طرح کے فائدے ظہور پذیر ہوتے رہیں گے اور وہ نقش جلیل القدر یہ ہے۔

۷۸۶

م	۶	۱۳	ع
۱۲	۷۱	۳۹	۷
۶۸	۱۱	۸	۴۲
ط	۴۱	۶۹	ی

۹۰:۔ یہ نقش اسم یا مانع کا ہے۔ اس نقش کی خاصیت بہت ارفع و اعلیٰ ہے سرعت

انزال کیلئے بہت مفید ہے۔ نیز زن و شوہر میں اگر لڑائی ہو گئی ہو یا جدائی ہو گئی ہو تو جو کوئی اس اسم کو دس ہزار بار پڑھ کر سو رہے انشاء اللہ تعالیٰ موافقت ہو جائیگی۔ نقش مبارکہ یہ ہے

۷۸٦

۳۹	۵۲	٦۸	۲
٦۹	۱	م	۵۱
۴	ع	ن	۳۷
۴۹	۳۸	۳	۷۱

۹۱:- یَاضَارُّ - یعنی "ضرر پہونچانے والا" یہ اسم مبارک جلالی اور بہت پُر تاثیر ہے۔ جس کو ضیق النفس کی شکایت ہو گئی ہو۔ اس نقش کو بہ شرط اعتقاد لکھ کر بصورت تعویذ باندھے انشاء اللہ شفا ہو گی۔

۷۸٦

۵۰۰	۱۴۳	۳۵۸	۰
۵۰	۱۰۰	۵۱	ض
۱۵۰	٦۴۹	۲۰۱	ا
۳۰۱	۱۰۹	۳۹۱	ر

۹۲:- یَانَافِعُ یَانُوْرُ - یعنی فائدہ پہونچانے والا - روشن کرنے والا یہ اسم مبارکہ جمالی ہیں۔ جو کوئی کشتی میں سوار ہو اور ہر روز اسم یا نافع کو پڑھے اور اس کے نقش کو اپنے پاس رکھے ہر آفت سے محفوظ رہے۔

۷۸٦

ع	ف	ا	ن
۲	۴۹	۷۱	۷۹
۵۲	۳	۷۸	٦۸
۷۷	٦۹	۵۱	۴

نقش یَانُوْرُ کو لکھکر جو کوئی اپنے پاس رکھے گا اور بعد نماز فجر ۱۱۵ بار بلا ناغہ تلاوت کرتا رہے گا انشاء اللہ شب کوری کے عارضہ سے نجات پاوے گا۔ اور جو کوئی روزانہ لاتعداد بار وظیفہ خوانی کرے گا دل اس کا روشن ہو جائے گا اور شرِ شیطان سے محفوظ رہے گا۔

۷۸٦

ر	و	ن	۰
۴۹	۱	۱۹۹	۷
۲	۵۲	۴	۱۹۸
۵	۱۹۷	۳	۵۱

۹۴:- یَاھَادِیُ - بمعنی "راہ دکھانے والا" یہ اسم جمالی ہے۔ جو کوئی بشرط

اعتقاد اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے
گا عزیز خلائق ہوگا اور جو کوئی اکتالیس (۴۱)
بار جس کام کیلئے پڑھے گا حسب دلخواہ
وہ کام انشاء اللہ تعالےٰ سرانجام
پائے گا۔ نقش عربی یہ ہے ...... ←

۷۸۶

ی	د	ا	ھ
ھ	ا	د	ی
د	ی	ھ	ا
ا	ھ	ی	د

۹۵:- یَا بَدِیعُ ۔ یعنی "اے
بغیر نمونہ کے ہر چیز کو پیدا کرنے والے" جو
کوئی اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے گا
اور ایکہزار بار روزانہ اس اسم کی تلاوت کرے
گا ہر مرض سے نجات پاوے گا اور جو
کوئی لاتعداد بار ورد کریگا روزی میں کشادگی ہوگی۔

۷۸۶

ع	ی	د	ب
۸	۶	۴۹	۲۳
۳	۳۰	۱	۵۲
۵	۴۰	۳۲	۹

۹۶:- یَا بَاقِیُ ۔ یعنی "اے ہمیشہ رہنے
والے" یہ اسم جلالی ہے جو کوئی اس نقش کو
لکھ کر اپنے پاس رکھے گا شیطان سے
اماں رہے گی۔ عزت دور ہوگی۔ عزیز
خلائق ہوگا ۔ حافظہ قوی ہوگا اور جو
کوئی ہزار بار روزانہ پڑھے گا کوئی جائز حاجت اسکی رکی نہ رہے گی۔

۷۸۶

ی	ق	ا	ب
۳۵	۳	۵۵	۲۰
۱۸	۶	۴۹	۴۰
۵۰	۴	۸	۵۱

۹۷:- یَا وَارِثُ :- یعنی "اے سب
کے بعد رہنے والے ۔ اسم مبارکہ جمالی
ہے ۔ واضح ہو کہ جو کوئی شخص اس اسم
جلیل القدر کا نقش لکھکر بخلوص نیت
اپنے پاس رکھے گا اور خوشبو سے معطر
کرے گا اس کی ساری مشکلیں آسان ہوں گی۔

۷۸۶

ث	ر	ا	و
و	ا	ر	ث
ر	ث	و	ا
ا	و	ث	ر

نمبر ۹۸:۔ یَا رَشِیْدُ بمعنی اے جہان کے راہ نما" یہ اسم جمالی ہے جو کوئی اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے گا گناہوں سے باز رہیگا نیز جو کوئی ہزار بار روزانہ اس اسم کی مداومت کریگا اس کے تمام جائز کام بغیر سعی بحیز و خوبی انجام پائینگے

۷۸۶

ر	ش	ی	د
د	ی	ش	ر
ش	ر	د	ی
ی	د	ر	ش

۹۹:۔ یَا صَبُوْرُ بمعنی اے جلدی نہ کرنے والے" یہ اسم مبارک جمالی ہے آدھی رات کو یا دوپہر کے وقت جو کوئی اس مبارک نام کو ایکہزار ایکبار ایک ہفتہ تک برابر پڑھے گا تو جس جائز مقصد کیلئے تلاوت کیجائیگی انشاء اللہ وہ مقصد ایک ہفتہ کے اندر پورا ہو جائے گا۔

۷۸۶

ص	ب	و	ر
ر	و	ب	ص
ب	ص	ر	و
و	ر	ص	ب

۱۰۰:۔ یَا صَادِقُ بمعنی اے سچا کرنے والے" اسم مبارکہ جمالی ہے جس کسی کو کوئی رنج و مصیبت پیش آئے اس نقش کو لکھکر اپنے بازو پر باندھے اور تینتیس بار اس اسم پاک کی تلاوۃ کریگا انشاء اللہ سکون حاصل ہوگا

۷۸۶

ص	ا	د	ق
ق	د	ا	ص
ا	ص	ق	د
د	ق	ص	ا

ذکات حروف تہجی

عاملینِ کامگار و مرشدانِ نامدار کی اس باب میں سخت ہدایت ہے کہ عامل پہلے حروف تہجی کی ذکاۃ ادا کرے اس کے بعد جس عمل کو چاہے پڑھے پھر اس عمل کی تاثیر جلد ظاہر ہوگی اور عامل رجعت سے محفوظ رہے گا۔ واقعات اس امر کی شہادت دیتے ہیں کہ بہت سے ناواقف لوگوں نے عمل شروع کرنے سے پہلے ذکاۃ حروف تہجی کی ادا نہیں کی اور عمل شروع کر دیا نتیجہ یہ ہوا کہ ذراسی غفلت پر رجعت میں مبتلا ہو کر کہیں کے نہ رہے اس لئے یہاں پر تاکید اً... گذارش ہے کہ آپ عمل شروع کرنے سے پہلے ذکاۃ حروف تہجی کی ضرور ادا کریں۔ رجعت

کے بابت صرف استقدر کہنا کافی ہوگا کہ دوران خواندگی عمل کسی بے احتیاطی کے سبب طبیعت منقلب ہو جائے۔ رجعت کی منزل نہایت خطرناک ہے انسان اپنے ہوش و حواس کھو بیٹھتا ہے اور لبا اوقات اسکی جان تک بھی چلی جاتی ہے۔ عاملین کی زیادہ تعداد اس بات پر متفق ہے کہ یہ اٹھائیس حروف تہجی نام باری تعالےٰ کے ہیں کہ فرشتے ان اسماء سے اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتے ہیں اور بزرگی انکی ظاہر ہے، الفاظ قرآن مجید اور سب نام انہیں سے ترتیب پاتے ہیں۔ طریقے زکاۃ حروف تہجی کے بہت ہیں اور اپنی اپنی جگہ پر سب درست ہیں۔ ان سب میں طریقہ مندرجہ ذیل سب سے سہل اور آسان ہے، چاہیئے کہ پرہیز جلالی اور جمالی کرے، مقام پاک پاکیزہ اور تنہائی کا انتخاب کرے کہ کوئی دوران ورد مخل نہ ہوسکے ہر حرف کو ۴۴ ۴۴ مرتبہ ۲۸ دن تک بلاناغہ بالموکل پڑھے اس کے بعد جب کوئی مشکل پیش آئے، انھیں اسماء کو ۱۲۸ مرتبہ ایک مجلس میں پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مشکل حل ہوگی۔ وہ حروف و اسماء یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اسرافیل	بحق	یا ا	یا جبرئیل	بحق	یا ب
یا عزرائیل	بحق	یا ت	یا میکائیل	بحق	یا ث
یا کلکائیل	بحق	یا ج	یا تنکفیل	بحق	یا ح
یا مہکائیل	بحق	یا خ	یا دردائیل	بحق	یا د
یا اہرائیل	بحق	یا ذ	یا امواکیل	بحق	یا ر
یا شرفائیل	بحق	یا ز	یا ہمواکیل	بحق	یا س
یا ہموائیل	بحق	یا ش	یا اہجبائیل	بحق	یا ص
یا عطکائیل	بحق	یا ض	یا اسمائیل	بحق	یا ط
یا لونرائیل	بحق	یا ظ	یا لومائیل	بحق	یا ع
یا لوخائیل	بحق	یا غ	یا سرحمائیل	بحق	یا ف
یا حرزائیل	بحق	یا ک	یا عطرائیل	بحق	یا ق
یا طاطائیل	بحق	یا ل	یا رویائیل	بحق	یا م

یا حولائیل بحق یا ن یا رفتمائیل بحق یا و
یا دوبائیل بحق یا ہ یا سرکتائیل بحق یا ی

ادعیہ برائے ہمہ مشکلات

اس فصل میں ان دعاؤں کا تذکرہ تحریر کیا جا رہا ہے جو تمامی مشکلات پر حاوی ہیں، انہیں بعض جلالی و جمالی اور بعض مشترک ہیں۔ اس مقام پہ اگر آپ میری رائے حاصل کرنا چاہتے ہیں تو میں آپکو خلوص دل سے یہی رائے دونگا کہ دعا خواہ کیسی ہی کیوں نہ ہو آپ دوران وظیفہ خوانی پرہیز جلالی اور جمالی دونوں کریں کہ احتیاط اچھی چیز ہوتی ہے اور کامیابی سے ہمکنار کرتی ہے۔ دوسری ہدایت خاص یہ ہے کہ آپ ناجائز خواہشات مثل فعل حرام وغیرہ کیلئے کسی دعا کو ذریعہ نہ بنائیں ورنہ نتیجہ کچھ حاصل نہ ہوگا اور گنہگار الگ ہونگے۔ ثالثاً دعا شروع کرنے سے پہلے اور دعا ختم کرنے کے بعد کم از کم پانچ پانچ بار درود شریف پڑھیں ورنہ التجا میں اثر نہ ہوگا

سورۂ فاتحہ

یہ وہ بزرگ تر سورہ ہے جسکو خلاقِ عالم نے انتہائی فضیلت بخشی ہے جسکے لئے احادیث میں بکثرت تذکرے موجود ہیں بہ نظر طوالت صرف اسقدر لکھنا کافی ہے کہ ہر مشکل امر میں یہ سورہ بہترین رہنمائی کرتا ہے پھر وہ مشکل مشکل نہیں رہتی لیکن اعتقاد شرط ہے۔ ایکروز میرے استاد جناب محمد یوسف نے اس سورہ کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ اس جلیل القدر سورہ کی تلاوۃ بہت احتیاط سے کرنی چاہیئے اس لئے کہ ذراسی لغزش میں معنی بدل جاتے ہیں جسکی وجہ سے کچھ کا کچھ ہو جاتا ہے بخار کی حالت میں ایک ادنیٰ خاصیت اس سورۂ مبارکہ کی یہ ہے کہ مریض کے سرہانے ایک پابند صوم و صلوٰۃ شخص بیٹھ کر اس سورہ کی تلاوۃ کرے اور ہر تسبیح پر جسمیں سو دانے ہوں دم کرتا جائے انشاءاللہ چند تسبیح دم کرنے کے بعد بخار بالکل اتر جائے گا۔ اس سورۂ مبارکہ کی زکاۃ ادا کرنے کے کئی طریقے ہیں۔ سب سے آسان اور سہل طریقہ یہ ہے کہ عامل مسلسل گیارہ روزے رکھے سحری اور افطاری میں جو کی روٹی استعمال کرے روزہ مدینہ طیبہ کی کھجور یا آب زمزم سے افطار کرے اس گیارہ روز کے عرصہ میں ایک لاکھ دس ہزار مرتبہ باوضو رو بقبلہ بیٹھ کر اس سورۂ مبارکہ کو پڑھے ہر روز دس ہزار مرتبہ پڑھنے سے یہ تعداد

گیارہ روز میں پوری ہو جائے گی۔ پس عامل اگر دولت کی ترقی کیلئے اکیسو بار روزانہ بعد نماز عشاء ۴۰ روز تک بلاناغہ پڑھے گا انشاءاللہ دولت میں فراوانی ہوگی۔ اگر تمنائے اولاد ہو اسی ترکیب سے ایکسو چھہتر بار، دشمن سے تحفظ کیلئے ایکسو پانچ بار بعد نماز فجر اور برائے ہر حاجات مشکل ایکہزار بار جو روزانہ پڑھے گا انشاءاللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی۔

دعائے اعظم

اگر کوئی بیمار ہو یا کسی کے پیٹ میں درد ہو تو اس دعا کو ستر بار، برائے ادائے قرض ۴۱ بار، برائے وسعت رزق پانچ بار، برائے خواری دشمن ۱۰۱ بار، برائے دفع امراض وبائی ۷۰ بار روزانہ بعد نماز عشاء چالیس روز تک بلاناغہ پڑھے انشاءاللہ مراد پوری ہوگی اور وہ دعا یہ ہے:-

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا شَفَاعَۃَ الْمُصْطَفٰی وَحِمَایَۃَ الْمُصْطَفٰی وَاَمَانَتَ الْمُصْطَفٰی وَاِعَانَتَ الْمُصْطَفٰی وَاِیْمَانَ الْمُصْطَفٰی وَاِسْلَامَ الْمُصْطَفٰی وَبَھَاءَ الْمُصْطَفٰی وَبَقَاءَ الْمُصْطَفٰی وَاِخْلَاصَ الْمُصْطَفٰی وَبُرْھَانَ الْمُصْطَفٰی وَحُجَّۃَ الْمُصْطَفٰی وَتَوْبَۃَ الْمُصْطَفٰی وَفَقْرَ الْمُصْطَفٰی وَبَرَکَاتَ الْمُصْطَفٰی وَاَجْرَ الْمُصْطَفٰی اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا قُوَّۃَ الْمُصْطَفٰی وَنُصْرَۃَ الْمُصْطَفٰی وَتَوَکُّلَ الْمُصْطَفٰی وَشُکْرَ الْمُصْطَفٰی وَصَبْرَ الْمُصْطَفٰی وَثَوَابَ الْمُصْطَفٰی اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا جَمِیْلَ الْمُصْطَفٰی وَجَمَالَ الْمُصْطَفٰی وَجَنَّۃَ الْمُصْطَفٰی وَصَلٰوۃَ الْمُصْطَفٰی وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

دعائے جلیلہ

جو کوئی اس دعائے جلیلہ کو بعد ہر نماز اپنی زندگی بھر کی نیت کر کے بلاناغہ روزانہ پڑھے گا تو اسکی روزی کشادہ ہوگی۔ مریض اگر مرض الموت میں مبتلا نہیں ہے تو بہت جلد صحت یاب ہوگا۔ حاسدین اور دشمنوں کی زبانیں بند رہیں گی۔ حاکم ظالم بمحبت پیش آئے گا۔ بار قرض سے نجات ملے گی۔ نعمت اولاد سے شاد ہوگا۔ مسافر بخیریت گھر واپس آئے گا۔ رنج و غم سے نجات ملے گی وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ یَا نُوْرُ تَنَوَّرْتَ بِالنُّوْرِ وَالنُّوْرُ فِیْ نُوْرِکَ نُوْرُکَ یَا نُوْرُ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلَیْنَا وَادْفَعْ عَنَّا بَلَاءَ الدُّنْیَا وَعَذَابَ الْاٰخِرَۃِ لَبَّیْکَ وَارْحَمْ لَبَّیْکَ

وَاَعْظَمُ لَبَّيْكَ وَاَكْرَمُ لَبَّيْكَ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِى الْقُبُوْرِ اَللّٰهُمَّ ...
خَيْرَ الدِّيْنِ مَعَ الْقُرْبِ وَالْاِخْلَاصِ وَالْاِسْتِقَامَةِ بِلُطْفِكَ وَصَلَّى اللّٰهُ
عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ
الرّٰحِمِيْنَ ۝

دعائے رفیع الشان

یہ وہ جلیل القدر دعا ہے کہ جسکی فضیلت بیان کرنے سے علاوہ ذات معصومین کے ہر بشر قاصر ہے

مختصر یہ ہے کہ اگر بہ اعتقاد راسخ یہ دعا اپنے مطالب کے پیش نظر پڑھی جائے تو بہ برکت اس دعا کے خلاق عالم اپنے اس بندے کی ہر اس جائز حاجت کو جسکے لیئے وہ اس دعا کی وظیفہ خوانی کر رہا ہے پوری فرماتا ہے جائز امورات یہ ہیں اگر کوئی شخص کسی ظالم کے قبضہ میں ہو اس دعا کو پڑھے رہائی پائے گا۔ اگر کوئی کسی کو باندھے ہوئے ہو اس دعا کو مشک یا زعفران سے پاک پیالے میں لکھے اور دھو کر پلا دے کھل جاویگا۔ اگر کسی شخص کا... پیشاب رک گیا ہو اس دعا کو چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر پلائے انشا اللہ شفا پاوے اگر کوئی اس دعا کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور سفر میں جائے بخیریت گھر واپس آوے۔ لڑائی پر جاوے دشمن پر فتح پاوے۔ ہمہ وقت اپنے پاس رکھے ہمہ اقسام کی بلیات سے محفوظ رہے اگر کسی کو زہر دیا گیا ہو اس دعا کو لکھ کر کھلانے میں دیں زہر اثر نہ کرے گا زراعت پر پڑھ کر دم کرنے سے کھیتی جانوروں کے نقصان سے محفوظ رہے گی اور وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا عَلِيْمُ يَا وَاحِدُ
يَا صَمَدُ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا سَلَامُ يَا مُؤْمِنُ يَا مُهَيْمِنُ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ يَا
عَلِيْمُ يَا وَاحِدُ يَا وَارِثُ يَا كَرِيْمُ يَا لَطِيْفُ يَا حَافِظُ يَا كَرِيْمُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا جَمِيْلُ
يَا قَوِيُّ يَا مَنَّانُ يَا دَيَّانُ يَا تَوَّابُ يَا بَاعِثُ يَا مَجِيْدُ يَا مَحْمُوْدُ يَا مَعْبُوْدُ يَا
مَوْجُوْدُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا اَوَّلُ يَا اٰخِرُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا وَاسِعُ يَا رَفِيْعُ
يَا نُوْرُ يَا ذَى الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ سُلْطَانُ الرَّفِيْعِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ
اٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

دعائے جلیل القدر

